★★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | جمعرات 21 ربیع الاول 1445ھ 26 ستمبر 2024ء 10 اسوج 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 345

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

اچھی سیاست نہیں کی تو ملک آگے نہیں بڑھے گا

نواز مریم

میری کابینہ میں اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان وزیر کام کر رہے ہیں، ایک ہزار نوجوانوں کے لیے 60 ہزار ماہانہ اعزازیہ پروگرام لانچ کیا ہے

عوام کی خدمت میری ذمہ داری ہے، نوجوان گالم گلوچ والا کلچر نہیں چاہتے، بلاکسی سیاسی تفریق کے نوجوانوں کو روزگار فراہم کر رہے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ اچھی سیاست نہیں کریں گیتو ملک آگے نہیں بڑھے گا۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کے نعرے لگانے والے بڑے آئے، اچھی سیاست نہیں کریں گے تو ملک آگے نہیں بڑھے گا۔انہوں نے کہا کہ سیاست کو ماضی میں بدنام کیا گیا،نوجوانوں کے لیے ماضی میں کوئی کام نہیں کیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1



صدر آصف علی زرداری عالمی پائیدار ٹرانسپورٹ فورم 2024 سے ویڈیو خطاب کر رہے ہیں

وزیرِاعظم شہباز شریف کی بنگلادیشی چیف ایڈوائزر محمد یونس سے ملاقات

بنگلادیشی چیف ایڈوائزر محمد یونس نے وزیرِاعظم شہباز شریف کو کتاب تحفے میں دی

نیویارک (این این آئی) بنگلادیشی چیف ایڈوائزر محمد یونس نے وزیرِاعظم شہباز شریف کو کتاب تحفے میں دی۔ وزیرِ اعظم شہباز شریف کی بنگلا دیشی چیف ایڈوائزر محمد یونس سے ملاقات ہوئی ہے۔بنگلا دیشی میڈیا کے مطابق اس ملاقات کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

پاکستان نے آئی ایم ایف کی کڑی شرائط پوری کر دی ہیں، شہباز شریف

تباہ کن سیلاب سے پاکستان کو اربوں ڈالر نقصان ہوا، وزیراعظم کی نیویارک میں مباحثے میں گفتگو

نیویارک (این این آئی) نیویارک: وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان نے آئی ایم ایف کی کڑی شرائط پوری کر دی ہیں۔امریکا میں پائیدار ترقی کے اہداف ایس ڈی جی مومنٹ کے حوالے سے مباحثے میں گفتگو کرتے ہوئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

نریندر مودی ایک بار پھر پاکستانی فضائی حدود سے گزرے، خیر سگالی پیغام کی چھٹی

مودی کا طیارہ شام پونے چھ بجے افغانستان سے چترال کے اوپر پاکستانی حدود میں داخل ہوا

اسلام آباد (این این آئی) بھارتی وزیراعظم نریندر مودی امریکا سے بھارت واپسی کے دوران پاکستانی فضائی حدود سے گزرے۔ایوی ایشن ذرائع کے مطابق نریندر مودی چھیالیس منٹ تک پاکستان کی فضائی حدود میں رہے۔ذرائع کے مطابق بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کا طیارہ شام پونے چھ بجے افغانستان سے چترال کے اوپر پاکستانی حدود میں داخل ہوا۔نریندر مودی کا طیارہ شام ساڑھے چھ بجے لاہور کے قریب سے بھارت کی فضائی حدود میں داخل ہوا۔واضح رہے کہ نریندر مودی نے امریکا کے سفر پر جاتے ہوئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

پاکستانی معیشت میں بہتری، مہنگائی میں مزید کمی ہوگی

ایشیائی ترقیاتی بینک

مالی سال 2024 میں پاکستان کی معاشی ترقی کی شرح 4.2 فیصد تک جبکہ مالی سال 2025 میں جی ڈی پی کی شرح 8.2 فیصد تک ہونے کا امکان ہے لیکن معاشی ترقی اصلاحاتی ایجنڈے پر عمل پیرا پالیسی کے تسلسل سے مشروط ہے

حکومتی اخراجات میں کمی، نجی شعبے کو فروغ دینا بھی پاکستانی معیشت کے رجحان میں بہتری کی شرط ہوگی، مہنگائی کی شرح سال 2023 تک 2.29 فیصد تک کی سطح پر تھی جو 2024 میں کم ہو کر 4.23 فیصد پر آچکی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے پاکستان کی معاشی ترقی میں بہتری، افراطِ زر (مہنگائی) میں مزید کمی کی پیش گوئی کر دی ہے۔اے ڈی بی کی جانب سے پاکستان کی اقتصادی کارکردگی کے حوالے سے آؤٹ لک رپورٹ جاری کر دی گئی۔آؤٹ لک رپورٹ میں بتایا گیا کہ مالی سال 2024 میں پاکستان کی معاشی ترقی کی شرح 4.2 فیصد تک جبکہ مالی سال 2025 میں جی ڈی پی کی شرح 8.2 فیصد تک ہونے کا امکان ہے لیکن معاشی ترقی اصلاحاتی ایجنڈے پر عمل پیرا پالیسی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

نواز شریف اور مریم نواز سے چینی سفیر کی ملاقات، مختلف شعبوں میں تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال

چین کے سفیر جیانگ زیاڈونگ کی دورہ چین کی دعوت، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے دعوت شکریہ کے ساتھ قبول کر لی

مریم نواز کی چین کیلئے خصوصی چائنا اکنامک زون قائم کرنے کی پیشکش، چینی سرمایہ کاروں کیلئے مراعات، آسانیاں پیدا کرنے کے عزم کا اظہار

انفراسٹرکچر اور ٹیکنالوجی میں چین کے تعاون کا خیر مقدم کریں گے، چین کی معاونت سے ٹیکنالوجی میں جدت لانا چاہتے ہیں، نواز شریف

پنجاب میں ہائبرڈ بیج کی کاشت 5 لاکھ سے بڑھانے کی پیشکش، پاکستان کے ایک ہزار کاشتکاروں کو جدید فارمنگ ٹیکنیک کی ٹریننگ دینگے، چینی سفیر

مریم نواز شریف کا پاکستان کی پہلی خاتون وزیراعلیٰ کے طور پر چین میں خیر مقدم کریں گے، محمد نواز شریف کے دور حکومت میں پاک چین تعلقات بلندیوں کی طرف گامزن رہے

محمد نواز شریف کی وزارت عظمیٰ کے دور میں پاک چین تعلقات کی طویل تاریخ ہے۔سی پیک کے اپ گریڈ ڈویژن میں پنجاب کی شمولیت کا خیر مقدم کریں گے، چینی سفیر

لاہور (خبرنگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے عوامی جمہوریہ چین کے سفیر جیانگ زیاڈونگ نے ملاقات کی جس میں ٹیکنالوجی، بزنس اور سرمایہ کاری کے فروغ کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔چین کے سفیر جیانگ زیاڈونگ نے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کو دورہ چین کی دعوت دی۔وزیراعلیٰ پنجاب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8



لاہور، صدر ن لیگ میاں نواز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے چینی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

شہباز شریف کی ترک صدر رجب طیب اردوان سے ملاقات، تعاون کو مضبوط بنانے پر اتفاق

غزہ میں فوری طور پر انسانی بنیادوں پر جنگ بندی اور گشیدگی کے خاتمے کا مطالبہ

اسلام آباد، نیویارک (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف اور ترک صدر رجب طیب اردوان نے اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 79 ویں اجلاس کے موقع پر تجارت، سرمایہ کاری، دفاع و سلامتی کے شعبوں میں باہمی طور پر مفید تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ پرائم منسٹر آفس کی جانب سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ترک صدر رجب طیب اردوان سے نیویارک میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

توشہ خانہ کیس، زرداری، نواز شریف کیخلاف کیس واپس نیب بھیجنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ

نیب ترامیم کے بعد یہ کیس اس عدالت کا دائرہ اختیار نہیں بنتا، یہ کیس 80.5 ملین کا ہے، فاروق نائیک کے دلائل

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت نے آصف زرداری، نواز شریف کیخلاف توشہ خانہ کیس واپس نیب بھیجنے کی درخواست پر فیصلہ محفوظ کرلیا۔ احتساب عدالت اسلام آباد میں نواز شریف، آصف علی زرداری اور یوسف رضا گیلانی اور دیگر کیخلاف توشہ خانہ گاڑیوں کے ریفرنس کی سماعت ہوئی۔احتساب عدالت نمبر 3 کی جج عابدہ ساجد نے کہا کہ تمام فریقین اس نقطہ پر متفق ہیں کہ یہ کیس اس عدالت کا دائرہ اختیار نہیں۔صدر مملکت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

پی ٹی آئی کا اسیر رہنماؤں، کارکنان کی رہائی کیلئے (کل) احتجاج کا فیصلہ

لاہور کے صدر کی قیادت میں احتجاج کے وقت، مقام کا تعین (آج) کیا جائے گا، ذرائع

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے اسیر قائدین و کارکنان کی رہائی کیلئے جمعہ کے روز احتجاج کا فیصلہ کرلیا۔تحریک انصاف لاہور تنظیم کل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7



نیویارک، وزیراعظم شہباز شریف اور کویت کے پرنس شیخ الصباح الحمد ملاقات کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کی مینار پاکستان میں جلسے کی اجازت کیلئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست

بانی پی ٹی آئی کی سالگرہ پانچ اکتوبر کو ہے اس لیے پرامن جلسہ کرنا چاہتے ہیں، درخواست گزار

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے مینار پاکستان لاہور میں جلسے کی اجازت کے لیے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی۔ درخواست اکمل خان باری نے دائر کی جس میں پنجاب حکومت اور ڈپٹی کمشنر لاہور سمیت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

حکومت عوام کو ریلیف دے وگرنہ عوام حق چھین لیں گے، لیاقت بلوچ

عوام کو ریلیف دلانے کے لیے 29 ستمبر کو پورے ملک میں دھرنے ہوں گے، بیان جاری

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ کا کہنا ہے کہ عوام کو ریلیف دلانے کے لیے 29 ستمبر کو پورے ملک میں دھرنے ہوں گے۔لاہور سے جاری بیان میں لیاقت بلوچ نے کہا کہ حکومت عوام کو ریلیف دے وگرنہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

سوات، غیر ملکی سفارت کاروں کے قافلے پر دھماکا، تحقیقاتی کمیٹی قائم

کمیٹی میں ایڈیشنل آئی جی انویسٹی گیشن اور اسپیشل سیکریٹری داخلہ شامل، مختلف پہلوؤں سے تحقیقات کریگی

سوات (این این آئی) سوات میں غیر ملکی سفارت کاروں کے قافلے پر بم دھماکے کی تحقیقات کے لیے خیبر پختون خوا حکومت نے 2 رکنی کمیٹی قائم کر دی۔ذرائع کے مطابق کمیٹی میں ایڈیشنل آئی جی انویسٹی گیشن اور اسپیشل سیکریٹری داخلہ شامل ہیں،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

نامکمل اور غیر آئینی پارلیمنٹ کو قانون سازی کا حق نہیں، بیرسٹر محمد علی سیف

8 فروری سے اپوزیشن کا موقف رہا ہے کہ حکومت غیر منتخب اور غیر نمائندہ ہے، بیان جاری

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختون خوا بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ 8 فروری سے اپوزیشن کا موقف رہا ہے کہ حکومت غیر منتخب اور غیر نمائندہ ہے، پارلیمنٹ نامکمل اور غیر آئینی ہے تو قانون سازی کا حق بھی نہیں۔ بیرسٹر محمد علی سیف

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

واٹس چانسلر یوای ٹی ڈاکٹر شاہد منیر کی سربراہی میں اہم اجلاس

رواں سال نومبر میں 31 ویں کانووکیشن کے انعقاد کا فیصلہ اجلاس میں 31 ویں کانووکیشن کی تیاریوں اور کمیٹیوں کے قیام کی ہدایات دی گئیں

یو ای ٹی کو مالی بحران سے باہر نکالیں گے، تمام ڈینز اور شعبوں کے سربراہان کو مالی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت

لاہور (خبرنگار) یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور کے وائس چانسلر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14



وائس چانسلر یو ای ٹی ڈاکٹر شاہد منیر جامعہ کے انتظامی سربراہان کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

برمن واشنگ کی گئی اور ورغلایا گیا، بہت سے گرفتار خودکش بمبار خاتون کا اعتراف

ہمیں بلیک میل کر کے اور ورغلا کر لے جایا جاتا ہے، میں غلط راستہ پر چل رہی تھی، مجھے کچھ سمجھ نہیں آیا، پریس کانفرنس

ریاست نے کھلے دل کے ساتھ عدیلہ بلوچ اور ان کے اہلخانہ کو قبول کیا ہے، وہ بلوچوں کو یہ پیغام دینا چاہتی ہیں کہ اس لڑائی کو بند کیا جائے، فرح عظیم شاہ

بلوچستان کے علاقہ تربت سے گرفتار خودکش بمبار خاتون عدیلہ بلوچ والدین اور کن بلوچستان اسمبلی فرح عظیم شاہ کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے علاقہ تربت سے گرفتار خودکش بمبار خاتون عدیلہ بلوچ نے کہا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31



اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

ووٹوں کی دوبارہ گنتی پر فارم 45، 47 کو حتمی تعین نہیں کہا جاسکتا، چیف جسٹس

نصیر آباد میں انتخابی نتائج میں ردوبدل کے خلاف درخواست مسترد کرنے کا فیصلہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے نصیر آباد میں انتخابی نتائج میں ردوبدل کے خلاف درخواست مسترد کرنے کا فیصلہ جاری کر دیا۔سپریم کورٹ کے پی بی 14 نصیر آباد میں ووٹوں کی دوبارہ گنتی اور انتخابی نتائج میں ردوبدل سے متعلق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

پریکٹس اینڈ پروسیجر آرڈیننس کے خلاف درخواست قابل سماعت ہونے پر فیصلہ محفوظ

آپ گراؤنڈز بتائیں آرڈیننس کیوں غیر قانونی ہے؟، چیف جسٹس کا درخواست گزار کے وکیل سے استفسار

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے عدالت نے سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر آرڈیننس کے خلاف درخواست کے قابل سماعت ہونے یا نہ ہونے سے متعلق فیصلہ محفوظ کر لیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے درخواست

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

وفاقی حکومت کی اضافی اخراجات کیلئے ضمنی گرانٹس کے اجرا پر پابندی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے اضافی اخراجات کے لیے ضمنی گرانٹس کے اجرا پر پابندی لگادی۔میڈیا رپورٹ کے مطابق وزارت خزانہ نے تمام وفاقی وزارتوں اور ڈویژنز کو مراسلہ لکھ دیا۔مراسلے میں کہا گیا کہ پارلیمنٹ سے منظور شدہ فنڈز کے علاوہ اضافی فنڈز جاری نہیں کیے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

یوسف رضا گیلانی سے روسی سفیر کی ملاقات

خطے، علاقائی و بین الاقوامی صورتحال اور باہمی تعلقات پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی سے روس کے سفیر کی پارلیمنٹ ہاؤس میں ملاقات کی جس میں خطے، علاقائی و بین الاقوامی صورتحال اور باہمی تعلقات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ روس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

آئینی ترامیم پر پیپلز پارٹی کا موقف واضح ہے، شازیہ مری

مخالفت برائے مخالفت سے گریز کریں، تجاویز ضرور دیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما شازیہ مری نے کہا ہے کہ آئینی وفاقی عدالت کا قیام ضروری ہے، آئینی ترامیم پر پیپلز پارٹی کا موقف واضح ہے، مخالفت برائے مخالفت سے گریز کریں، تجاویز ضرور دیں، کسی بھی شخص سے منسوب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28



نیویارک، وزیراعظم شہباز شریف سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ سے مصافحہ کر رہے ہیں

میر واعظ کا مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے بامعنی مذاکرات پر زور

کشمیری عوام شناخت کھو جانے و بے اختیار ہونے کے خطرات سے دوچار ہے، انٹرویو

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس کے سینئر رہنما میر واعظ عمر فاروق نے بھارت پر زور دیا ہے کہ وہ تنازعہ کشمیر کے حتمی حل کے لیے پاکستان کے ساتھ بامعنی مذاکراتی عمل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

لندن سے چوری کار کراچی میں رجسٹر کرنے کے کیس میں ایکسائز افسران بری

بینٹ لے کار بلغاریہ کے سفارت کار الیگزینڈر بورزو کیلئے ایکسپورٹ ہوئی تھی، وکیل

کراچی (این این آئی) کسٹم کورٹ کراچی نے بینٹ لے کار کی غیر قانونی رجسٹریشن کے مقدمے سے 2 ملزمان کو بری کر دیا۔کراچی میں کسٹم کورٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

پی ٹی آئی رہنما ڈاکٹر شاہد صدیق قتل کیس، ملزم کا جسمانی ریمانڈ منظور

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما ڈاکٹر شاہد صدیق قتل کیس میں گرفتار ملزم کا جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا گیا۔ ماڈل ٹاؤن کچہری لاہور میں پی ٹی آئی کے مقامی رہنما اور نجی ہسپتال کے مالک ڈاکٹر شاہد صدیق قتل کیس میں پیش رفت سامنے آئی ہے، جس کے مطابق پولیس نے گرفتار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

امیر مقام سے شاہ غلام قادر کی سربراہی میں وفد کی ملاقات، کشمیر کی صورتحال پر گفتگو

بھارت غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں وکشمیر میں جعلی انتخابات کروا رہا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان و سیفران انجینئر امیر مقام سے مسلم لیگ (ن) آزاد جموں کشمیر کے صدر شاہ غلام قادر کی قیادت میں ایک وفد نے ملاقات کی جس میں مقبوضہ کشمیر میں بھارت کے ڈھونگ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

پنجاب کے بیشتر اضلاع میں (آج) سے بارشوں کا امکان

لاہور سمیت دیگر شہروں میں بارش ہوسکتی ہے، پی ڈی ایم اے کا الرٹ

لاہور (این این آئی) پنجاب کے بیشتر اضلاع میں آج (جمعرات) سے بارشوں کا امکان ہے۔ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق 26 ستمبر سے کم اکتوبر تک پنجاب کے بیشتر اضلاع میں تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

پاکستان محفوظ، پائیدار اور ماحول دوست ٹرانسپورٹ نظام کے فروغ کے لیے پرعزم ہے، صدر مملکت

پاکستان پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے چین کے ساتھ مل کر کام کرے گا آصف علی زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے محفوظ، پائیدار اور ماحول دوست ٹرانسپورٹ نظام کے فروغ کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول کے لیے چین

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

اگلے چیف جسٹس کی تقرری کا اعلان کیا جائے، عمران خان

ہم جسٹس منصور علی شاہ کی مکمل حمایت کرتے ہیں حکومت ساری عدلیہ کو تباہ کرنے پر لگی ہوئی ہے

یہ چاہتے ہیں کہ سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ کے ججز بھی تابع ہو جائیں، ہائی کورٹ کے ججز پر دباؤ ڈالا جا رہا ہے، گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) سابق وزیراعظم و بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے کہا ہے کہ اگلے چیف جسٹس آف پاکستان کا اعلان فوری کیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20



کراچی، وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت کو جو سوٹ کریگا اسے آئینی اور جو نہ کرے اسے غیر آئینی کہہ دیگی، شعیب شاہین

تمام ادارے سپریم کورٹ کے ہر فیصلے کو ماننے کے پابند ہیں، ٹی وی پروگرام میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے رکن شعیب شاہین کا کہنا تھا تمام ادارے سپریم کورٹ کے ہر فیصلے کو ماننے کے پابند ہیں۔ایک ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کو جو بہتر لگے گا، اسے ہی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

نیب کیس میں بی آر ٹی کے ٹھیکیدار کی گرفتاری روک دی گئی

عدالت نے درخواست گزار کو 30 دن کے اندر متعلقہ عدالتوں میں پیش ہونے کی ہدایت بھی دیدی

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے بی آر ٹی نیب کیس میں نامزد ٹھیکیدار سید مسعود شاہ کی حفاظتی ضمانت منظور کر لی ہے۔عدالت میں بی آر ٹی نیب کیس میں نامزد ٹھیکیدار سید مسعود شاہ کی حفاظتی ضمانت کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ درخواست

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

ٹیکسلا میں مسافر گاڑی پر ڈمپر الٹنے سے 4 افراد جاں بحق، 2 شدید زخمی

ٹیکسلا پولیس نے واقع کا مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا، ڈمپر کا ڈرائیور موقع سے فرار

ٹیکسلا (این این آئی) راولپنڈی کی تحصیل ٹیکسلا میں مسافر گاڑی پر ریت سے بھرے ڈمپر کے الٹنے سے چار افراد جاں بحق اور دو شدید زخمی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

شکار پور، رشتہ دیکھنے کیلئے بلائی گئی 4 خواتین سمیت 8 افراد اغوا

افسوسناک واقعہ ناپرکوٹ کچے میں پیش آیا، مغوی افراد رشتہ دیکھنے کچے کے علاقے میں گئے تھے: پولیس

شکار پور (این این آئی) سندھ کے شہر شکار پور میں رشتے کا جھانسہ دے کر بلائی گئی 4 خواتین سمیت 8 افراد کو اغوا کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

افغانستان کے ساتھ مذاکرات کیلئے خدمات دینے کو تیار ہیں، حافظ نعیم الرحمان

افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونا چاہیے، ہر ادارہ اپنی آئینی حدود میں چلا جائے تو مسائل ہو جائیں گے

بندوقوں سے پوری قوم کو ہینڈل نہیں کیا جاسکتا، کرپشن صرف سویلین نہیں بلکہ سب کرتے ہیں، امیر جماعت اسلامی

پشاور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ افغانستان کے ساتھ مذاکرات کیلئے اپنی خدمات دینے کو تیار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23



پشاور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن قبائلی امن جرگہ سے خطاب کر رہے ہیں

ہفت روزہ قوت لاہور
سٹی نیوز

جسٹس منصور علی شاہ کی بطور چیف جسٹس پاکستان تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کرنے کی درخواست کی فائل چیف جسٹس ہائیکورٹ کو ارسال

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس عابد حسین چٹھہ نے سپریم کورٹ کے جسٹس منصور علی شاہ کی بطور چیف جسٹس پاکستان تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کرنے کی درخواست پر سماعت سے معذرت کرتے ہوئے فائل چیف جسٹس لاہور ہائی کورٹ کو بھجوا دی۔ جسٹس عابد حسین چٹھہ نے درخواست پر سماعت ندیم شمی ایڈووکیٹ کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا ہے کہ آئین کے تحت سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج نے جسٹس منصور علی شاہ اب سپریم کورٹ کے سینئر ترین جج ہیں۔ صدر اور وزیراعظم جسٹس منصور علی شاہ کی تعیناتی کو تسلیم نہ رہے ہیں۔ استدعا ہے لاہور ہائیکورٹ حکومت کو جسٹس منصور علی شاہ کی بطور چیف جسٹس تقرری کا نوٹیفکیشن جاری کرنے کا حکم دے۔ جسٹس عابد حسین چٹھہ نے درخواست کی دوسرے بنچ کے روبرو لگانے کے لیے فائل چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ کو بھجوا دی۔

سڑکوں پر خواتین کو ہراساں کرنے والا ملزم گرفتار

سیف سٹی کیمروں کی لائیو مانیٹرنگ میں ملزم کو خواتین کو ہراساں کرتے دیکھا گیا

لاہور (خبر نگار) سڑکوں پر خواتین کو ہراساں کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ریجنل پروٹیکٹو آفیسر کیمروں کے ذریعے معمول کی مانیٹرنگ کر رہے تھے۔ سیف سٹی کیمروں کی لائیو مانیٹرنگ میں ملزم کو خواتین کو ہراساں کرتے دیکھا گیا۔ ملزم کو خاتون سے بات کرتے اور ان کا پیچھا کرتے دیکھا گیا۔ سیف سٹی آفیسر نے پرائیویٹ پروجیکٹ ہائر کے ذریعے کیمروں کی لائیو مانیٹرنگ میں ملزم کو خواتین کو ہراساں

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3)''26 ستمبر 2024ء

لبنان پر اسرائیلی جارحیت عالمی برادری کے منہ پر طمانچہ ہے، سید آفتاب بخاری

مسلم حکمرانوں اور عالمی اداروں کے قوانین کو اسرائیل پاؤں تلے روند رہا ہے، اقوام متحدہ، او، آئی سی اور عرب لیگ جیسے مردہ اداروں کو ختم کر دینا چاہیے، رہنما پاکستان فلاح پارٹی کی میڈیا سے گفتگو



سیالکوٹ: چیئرمین کنزیومر پروٹیکشن کونسل پنجاب بریگیڈیئر (ر) علاؤالدین، ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین کے ہمراہ ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

سیالکوٹ پیپلز پرسن چیف منسٹر ڈائریکٹوریٹ آف انسپکشنز اینڈ ویجیلینس

اپنوں کی خوشیاں میرے نزدیک انتہائی اہم ہیں، محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

ندمت میں شامل ساتھی نیملی کا حصہ ہیں ۔ فرزند سیالکوٹ



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ خوشیوں کے لمحات کو باہمی رنجشوں کے لیے اپنی انا کا مسئلہ نہ بنائیں ہر بشر سے یہ زندگی میں غلطیاں ہونا بھی ہے

DAILY QUWAT
اداریہ
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

اسرائیل کے لبنان پر آدھے گھنٹے میں 80 خوفناک حملے

اسرائیلی فوج نے لبنان پر خوفناک بمباری اور حملے کیے ہیں۔ پیر کا دن ہی بھی شدید بمباری کرتے ہوئے جب اللہ کے ابراہ کو نشانہ بنانے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ لبنانی نیوز ایجنسی کا کہنا ہے کہ ہیزبوللہ کے علاقے میں اسرائیلی فوج نے آدھے گھنٹے کے دوران 80 سے زائد فضائی حملے کیے ہیں، ان حملوں میں 365 افراد شہید جبکہ 1040 سے زائد زخمی ہوئے ہیں۔ دشمنی اور ظالمی غرور میں اسرائیلی فورسز نے جو سکولوں پر بمباری کی ہے جس کے نتیجے میں 7 فلسطینی شہید ہو گئے۔ بے رحم البالہ میں ایک گھر پر اسرائیلی بمباری سے 4 بچوں سمیت 5 فلسطینی شہید ہو گئے۔ صیہونی فوج نے جو اللہ کے فضلوں پر حملے جاری رکھے کا اعلان کر دیا ہے لبنان میں شہریوں کو جو اللہ کے ٹھکانوں کے اطراف سے قلق مکانی کا حکم دیا گیا۔ اسرائیلی فوج نے بیت الہم میں بھی اسرائیلی مغربی کنارے میں ایک گاؤں سے بھی سمیت درجنوں فلسطینیوں کو حراست میں لیا ہے۔

اسرائیلی حملوں کا دائرہ پھیلا اور اس کی بربریت میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ کون سا ملک اور جگہ ہے جو اللہ کے اس لشکر سے محفوظ ہے۔ اسرائیل کی بربریت میں اضافہ نہیں ہو رہا بلکہ یہ اس کی فطرت ہے۔ اسرائیل کی بربریت کے خلاف اسرائیل کی طرف سے ہتھیار ڈالنے کی بجائے اللہ کی طرف رجوع کرنا ہی اس کا حل ہے۔ اسرائیل کی طرف سے ہتھیار نہ ڈالنے کی وجہ سے اسرائیل کی بربریت میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ اسرائیل کی بربریت کے خلاف اسرائیل کی طرف سے ہتھیار ڈالنے کی بجائے اللہ کی طرف رجوع کرنا ہی اس کا حل ہے۔ اسرائیل کی بربریت کے خلاف اسرائیل کی طرف سے ہتھیار ڈالنے کی بجائے اللہ کی طرف رجوع کرنا ہی اس کا حل ہے۔

غزہ اور مغربی کنارے کے علاقوں کو اسرائیلی ٹینکوں نے تہس نہس کر کے رکھ دیا ہے۔ اب لبنان کے در پے ہے۔ آدھے گھنٹے میں 80 حملوں کا ہونا بربریت کی انتہا ہے۔ فلسطین سے لے کر لبنان تک پورے مشرق وسطیٰ کو اپنی لپیٹ میں لے رہی ہے۔ اسرائیل نے شام پر بھی حملے کیے ہیں۔ یمن پر اور اس کے ساتھ ساتھ شام اور ایران کی بھی کئی علاقوں کو نشانہ بنایا گیا ہے۔ ان حملوں میں ایران کے کمانڈر اور اہم شخصیات کو بھی نشانہ بنایا گیا ہے۔ ایران کے شام میں قونصل خانے پر حملہ کیا گیا جس میں ایرانی صدر ابراہیم رئیسی کی حادثے میں موت کو بھی اسرائیل کی دہشت گردی سے جوڑا جا رہا ہے۔

اقوام متحدہ میں جنگ بندی کی قراردادیں منظور ہوتی ہیں اس پر امریکہ کی طرف سے ویٹو کیا جاتا ہے لیکن ویٹو سے بھی اسرائیل کو نہیں روکا جا سکتا ہے۔ عالمی عدالت انصاف کی طرف سے اسرائیل کو پابند سے کم کرنے کے لیے کہا گیا ہے۔ عالمی عدالت انصاف اپنی قراردادوں پر عمل کرانے سے قاصر ہے۔ امریکہ اور برطانیہ اسرائیل کی پشت پناہی کرتے ہیں۔ ایسے میں اگر مسلمان ممالک متحد ہو جائیں تو اسرائیل کو روکا جا سکتا ہے۔ مگر افسوس کی بات ہے کہ اسلامی ممالک کبھی بھی متحد ہو کر اسرائیل کو مٹھوں پر نہیں لے آئے ہیں۔ ان ممالک کی اشرافیہ اسرائیل کے پے رول پر ہے۔ مسلم ممالک متحد ہو کر اسرائیل کو مٹھوں پر لے آئے ہیں۔ ان ممالک کی اشرافیہ اسرائیل کے پے رول پر ہے۔ مسلم ممالک متحد ہو کر اسرائیل کو مٹھوں پر لے آئے ہیں۔

اسرائیل کی بربریت کے خلاف دنیا کے کونے کونے میں مظاہرے ہو رہے ہیں۔



سری لنکا کو شکست، پاکستان سیمی فائنل میں

شاف انڈر 17 فٹبال چیمپئن شپ

پاکستان نے اپنے آخری گروپ میچ میں سری لنکا کو ایک کے مقابلے میں پانچ گولوں سے شکست دی

سری لنکا (سپورٹس ڈیسک) پاکستان نے شاف انڈر 17 چیمپئن شپ میں سری لنکا کو ہرا کر سیمی فائنل میں جگہ بنالی ہے۔ پاکستان نے اپنے آخری گروپ میچ میں سری لنکا کو ایک کے مقابلے میں پانچ گولوں سے شکست دی۔ پاکستان کی جانب سے سبحان کریم نے دو گول سکور کیے جبکہ طلحہ اور عبدالغنی نے ایک ایک گول کیا۔ پہلے ہاف کے اختتام تک پاکستان کو صفر کے مقابلے میں تین گول کی برتری حاصل تھی۔ سری لنکن ٹیم نے 76 ویں منٹ میں کھیل کا اپنا واحد گول کیا۔ پاکستان کا پانچواں سکور اون گول کی صورت میں ہوا۔ قبل ازیں گروپ کے دوسرے میچ میں پاکستان اور بھوٹان کا میچ 3-3 گولز سے برابر ہوگیا تھا۔ میچ کے فل ٹائم کے اختتام تک پاکستان کو ایک کے مقابلے میں تین گول کی برتری حاصل تھی تاہم انجری ٹائم میں ہوم گراؤنڈ پر بھوٹان نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا اور پاکستان کو یقینی فتح سے محروم کیا۔ انجری ٹائم میں بھوٹان نے دو گول کرکے نہ صرف میچ برابر کیا تھا بلکہ پاکستان کو یقینی سے بھی فتح سے محروم کردیا تھا۔ اس سے قبل پہلے میچ میں پاکستان نے نیپال 1-0 سے شکست دی تھی۔

اس ٹورنامنٹ میں اب تک پاکستانی ٹیم ناقابل شکست ہے۔ پاکستان نے شاف انڈر 17 چیمپئن شپ میں سری لنکا کو ہرا کر سیمی فائنل میں جگہ بنالی ہے۔ قومی ٹیم نے آخری گروپ میچ میں سری لنکا کو ایک کے مقابلے میں پانچ گولوں سے شکست دی۔



ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی کھیلنے والی ٹیم تاحال ڈیلی الاؤنس سے محروم

کراچی (این این آئی) چین میں منعقدہ ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی میں برانز میڈل جیتنے والی پاکستان ٹیم پی ایس بی کی جانب سے ادائیگی کے باوجود تاحال ڈیلی الاؤنس سے محروم ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان ہاکی فیڈریشن کی جانب سے کھلاڑیوں کو تربیتی کیمپ اور پھر ایونٹ کے الاؤنسز ادا کرنے ہیں، کھلاڑیوں کو ڈومیسٹک ڈیلی الاؤنس 3 ہزار جبکہ انٹرنیشنل ڈیلی الاؤنس 35 ہزار روپے ملتا ہے۔ قومی ٹیم کے تمام کھلاڑی 25 روز کے الاؤنسز سے محروم ہیں جبکہ فیڈریشن دلاسے دے رہی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ قومی فیڈریشن کے عہدیداران نے پی ایس بی سے فنڈز ملنے کی تصدیق کرتے ہوئے کھلاڑیوں کو یقین دلایا کہ جلد ہی واجب الادا رقم دے دی جائے گی۔

بھارتی میڈیا نے اپنے ہی اسٹیڈیم کی حالتِ زار کا پردہ چاک کردیا

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی میڈیا نے اپنے ہی اسٹیڈیم کی حالت زار کا پردہ چاک کر دیا۔ بھارت اور بنگلا دیش کے درمیان ہونے والے دوسرے ٹیسٹ میچ کے وینیو کانپور اسٹیڈیم کی حالتِ زار پر سوالات اٹھنے لگے، دونوں ٹیموں کے درمیان دوسرا ٹیسٹ 27 ستمبر سے کھیلا جانا ہے۔

اسنوکر چیمپئن شپ: اسجد اقبال نے بھارتی کھلاڑی کو آؤٹ کلاس کردیا



اولان باتر (این این آئی) پاکستان کے اسجد اقبال ورلڈ 6 ریڈ اسنوکر چیمپئن شپ کے فائنل میں پہنچ گئے۔ منگولیا میں جاری 6 ریڈ اسنوکر چیمپئن شپ میں پاکستان کے اسجد اقبال نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سیمی فائنل میں بھارت کے ملکیت سنگھ کو آؤٹ کلاس کر دیا۔ پاکستانی کیوئسٹ نے بیسٹ آف ایلون میں انڈین حریف کو ایک فریم بھی نہ جیتنے دیا۔ مقابلے کا آغاز پہلے فریم میں اسجد اقبال کی 49-18 کی فتح کے ساتھ ہوا، جس کے بعد انہوں نے مسلسل بہترین کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے دوسرا فریم 38-34، تیسرا فریم 46-13، چوتھا فریم 40-31، پانچواں فریم 52-13 اور چھٹا فریم 45-0 کے واضح فرق سے جیتا۔ ملکیت سنگھ اپنے حریف کے سامنے بے بس نظر آئے اور وہ ایک بھی بڑا بریک بنانے میں ناکام رہے، اس کے برعکس اسجد اقبال نے چھٹے فریم میں 40 کا بریک بھی بنایا اور یوں اسجد اقبال 6-0 کی کامیابی کے ساتھ فائنل میں پہنچ گئے۔ اس سے قبل کوارٹر فائنل میں اسجد نے قبرص کے مائیکل جارجیو کو 5-2 سے شکست دی تھی۔

چیمپئنز کپ؛ صائم ایوب نے اپنا ایوارڈ حسین کو کیوں دیا؟

میچ میں صائم ایوب نے شاندار بالنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 5 وکٹیں حاصل کیں



فیصل آباد (سپورٹس ڈیسک) چیمپئنز ون ڈے کپ کے کوالیفائر میچ میں صائم ایوب نے اپنا مین آف دی میچ کا ایوارڈ فاسٹ بولر محمد حسنین کو دیدیا۔ گزشتہ روز فیصل آباد میں کھیلے گئے ایونٹ کے پہلے کوالیفائر میچ میں پیتھنرز نے مارخورز کو سات وکٹوں سے شکست دے کر چیمپئنز ون ڈے کپ کے فائنل کیلئے کوالیفائی کیا، اس میچ میں صائم ایوب نے شاندار بالنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے 5 وکٹیں حاصل کیں اور ماخورز کی بیٹنگ لائن کو تباہ کردیا جبکہ محمد حسنین نے 3 وکٹیں حاصل کیں۔ کوالیفائر 1 میں مارخورز نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کا فیصلہ کیا جو غلط ثابت ہوا۔ پیتھنرز کے خلاف مارخورز کی ابتدائی 4 وکٹیں صرف 25 رنز پر گرگئیں اور پھر پوری ٹیم صرف 137 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ پیتھنرز نے مطلوبہ ہدف محض 3 وکٹوں کے نقصان پر 24 ویں اوور میں حاصل کرکے فائنل میں اپنی جگہ پکی کرلی۔

شکیب الحسن پر ہیرا پھیری کا الزام؛ 50 لاکھ ٹکا جرمانہ عائد

بنگلہ دیش (ویب ڈیسک) قتل کے مقدمے میں نامزد بنگلادیشی ٹیم کے آل راؤنڈر و کپتان شکیب الحسن نئی مشکل میں پھنس گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق شکیب الحسن پر بنگلادیش سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن نے حصص کی قیمتوں میں ہیرا پھیری کرنے پر 50 لاکھ ٹکا جرمانہ عائد کردیا ہے۔ کمیشن کا کہنا ہے کہ شکیب نے حصص کی قیمتوں میں ہیرا پھیری کرکے سیکیورٹیز ایکٹ کی خلاف ورزی کی جس کے بعد یہ قدم اٹھایا گیا۔ شکیب الحسن شیخ حسینہ واجد کی حکومت میں پارلیمنٹ کے رکن بھی رہے جبکہ عوامی لیگ کے ٹکٹ پر الیکشن بھی لڑا تھا۔ عوامی لیگ کے رہنما اور آل راؤنڈر پر ڈاکا میں 23 اگست کو گارمنٹ فیکٹری کے ملازم کے قتل کا الزام عائد کیا گیا تھا، مقتول کے والد نے شکیب الحسن پر مقامی تھانے میں قتل کا مقدمہ درج کرایا تھا۔

بھارت بمقابلہ بنگلادیش؛ گوالیار میں ہڑتال کی کال

گوالیار (ویب ڈیسک) ہندو انتہا پسندوں نے بھارت اور بنگلادیش کے درمیان 6 اکتوبر کو ٹی 20 میچ کے موقع پر گوالیار میں ہڑتال کی کال دیدی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مدھوراوٹشدھوا اسٹیڈیم میں دونوں ملکوں کے درمیان 3 میچز کی سیریز کا پہلا مقابلہ طے ہے تاہم سیاسی کشیدگی نے معاملات کو مزید متنازع بنادیا ہے۔ ہندو محاسبہ تنظیم نے گوالیار میں شیڈول بنگلادیش کیخلاف میچ نہیں ہونے دینے کا اعلان کیا ہے۔ دوسری جانب سابق وزیراعظم شیخ حسینہ واجد کی حکومت کے خاتمے کے بعد رواں ماہ شیڈول بھارت بنگلادیش کرکٹ میچز منسوخ کرنے کا مطالبہ زور پکڑ رہا ہے۔ قبل ازیں مہاسبھا نے دھمکی دی تھی کہ بنگلادیشی ٹیم کی آمد پر وہ اسٹیڈیم کے باہر احتجاج کریں گے۔

لگتا ہے پی سی بی کے لوگ کنفیوژ ہیں، کوئی وژن نہیں ہے: سابق چیف سلیکٹر

پاکستان کی کرکٹ کو بہتر بنانا ہے تو دو لمبے سیشن کرنے ہوں گے



کراچی (سپورٹس ڈیسک) پی سی بی کے سابق چیف سلیکٹر ہارون رشید نے کہا ہے کہ پاکستان کی کرکٹ کئی مسائل سے دوچار ہے، ایک دو گھنٹے کی میٹنگ کرکے انہیں دور نہیں کیا جاسکتا۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وہ بھی پی سی بی سے وابستہ رہے ہیں، ایسی صورتحال پہلے کبھی نہیں دیکھی، دنیا پی سی بی اور پاکستان ٹیم کا مذاق بنا رہی ہے۔ ہارون رشید نے کہا کہ انڈر 19 ٹورنامنٹ شروع کرکے بند کردینا، ریڈ بال سیریز سے پہلے وائٹ بال ٹورنامنٹ کرانا، ایسا لگتا ہے پی سی بی کے لوگ کنفیوژ ہیں، کوئی وژن نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی کرکٹ کو بہتر بنانا ہے تو دو لمبے سیشن کرنے ہوں گے، کرکٹ کو بہتر بنانا ہے تو لمبے سیشن کرنا ہوں گے، ان سیشن کے بعد جس نتیجے پر پہنچیں تو اس پر عمل کرنا ہوگا۔ ہارون رشید نے یہ بھی کہا کہ کنکشن کیمپ میں دنیا کو بتا دیا کہ ٹیم متحد نہیں ہے، کنکشن کیمپ میں بتایا گیا ٹیم میں اتحاد نہیں ہے۔

سابق کرکٹر کی گیری کرسٹن کے مستقبل کے حوالے سے اہم پیشگوئی

چیمپئنز ٹرافی میں گرین شرٹس ٹاپ 4 میں نہ پہنچی تو ہیڈ کوچ کی چھٹی ہوجائے گی، باسط علی

کراچی (این این آئی) سابق ٹیسٹ کرکٹ باسط علی نے پاکستان کے موجودہ وائٹ بال کوچ گیری کرسٹن کے مستقبل کے حوالے سے اہم پیشگوئی کردی۔ اپنے یوٹیوب چینل پر قومی ٹیم کے وائٹ بال فارمیٹ کے مستقبل سے متعلق سابق کرکٹر باسط علی نے پیشگوئی ہے کہ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کے بعد عہدے سے ہٹا دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اگر جنوبی افریقہ سے تعلق رکھنے والے 56 سالہ گیری کرسٹن بطور ہیڈ کوچ چیمپئنز ٹرافی میں قومی کرکٹ ٹیم کو ٹاپ 4 میں جگہ بنانے میں کامیاب ہوگئے تو یہ پاکستان کیلئے ایک اہم کامیابی ہوگی۔ رواں سال کی ابتدا میں ذمہ داریاں سنبھالنے والے گیری کرسٹن کی زیر نگرانی ٹی 20 ورلڈ کپ میں گرین شرٹس کی کارکردگی نہایتی مایوس کن رہی تھی جبکہ اُسے امریکا جیسی نومولود ٹیم نے سرپرائز شکست سے دوچار کرتے ہوئے ایونٹ سے باہر کرنے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔ سابق کرکٹر نے کہا کہ گیری کرسٹن کی خوش قسمتی ہے کہ وہ چیمپئنز ٹرافی میں پاکستان کے لیے ذمہ داریاں نبھائیں گے لیکن ایونٹ کے بعد ان کی رخصتی طے ہے۔

پیرس اولمپکس؛ میڈلز ہر وقت، ہر جگہ پہننے پر منو بھا کر تنقید کی زد میں



ممبئی (سپورٹس ڈیسک) پیرس اولمپکس میں بھارت کیلئے سلور اور برانز میڈل جیتنے والی منو بھاکر کو میڈلز پہننے پر اپنے ہی ہم وطنوں نے تنقید کا نشانہ بنا ڈالا۔ سوشل میڈیا سائٹس پر شوٹنگ میں شاندار پرفارمنس کا مظاہرہ کرنے والی منو بھاکر کو متعدد تقاریب میں مسلسل میڈلز پہنے دیکھ کر مداحوں نے شوٹر کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے ٹرول کیا۔ منو بھاکر سے ٹائمز آف انڈیا نے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے سوال کیا کہ سوشل میڈیا پر صارفین آپکو مسلسل میڈلز پہن کر نجی تقاریب میں جانے پر تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں؟ جس پر بھارتی اولمپین نے جواب دیا کہ متنقین کی درخواست پر ایسا کرنے پر مجبور ہیں، انہیں کوئی شوق نہیں۔

سعودی ویمن فٹ بال پریمیئر لیگ کا آغاز 27 ستمبر سے ہوگا

ہمیں خوشی ہے کہ سعودی خواتین ٹیم بھی تیزی سے ترقی کررہی ہے، چیئرمین سعودی فٹبال فیڈریشن یاسر المسحل

جدہ (ویب ڈیسک) سعودی ویمن فٹ بال پریمیئر لیگ 27 ستمبر سے سعودی عرب میں شروع ہورہی ہے جس میں نئی نسل کی ویمن فٹبال پلیئرز کو متعارف کرایا جائے گا۔ خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی فٹبال فیڈریشن کے تحت 18 ہفتوں پر مشتمل لیگ کے تحت 90 میچز کھیلے جائیں گے، ویمن پریمیئر لیگ تیسرے سیزن میں 200 سے زائد پلیئرز نے خود کو رجسٹر کرایا ہے۔ نئے سیزن کے آغاز سے قبل لیگ میں 15 سے زائد 10 فٹبال کلب سے تعلق رکھنے والی انٹرنیشنل پلیئرز نے شرکت کی ہے جن کا تعلق 20 سے زیادہ ملکوں سے ہے۔ سعودی فٹبال فیڈریشن کے چیئرمین یاسر المسحل کا کہنا ہے ہمیں خوشی ہے کہ سعودی خواتین ٹیم بھی تیزی سے ترقی کررہی ہے، ہم ویمن پریمیئر لیگ کے انعقاد پر بہت پرجوش ہیں۔ نئے سیزن کے آغاز سے قبل سعودی فٹبال فیڈریشن میں شعبہ خواتین کی صدر علیا الرشید کا کہنا تھا گزشتہ دو سیزن میں سعودی ویمن پریمیئر لیگ نے بہتری حاصل کی جو خوش آئند ہے، ماضی میں کوئی پروفیشنل ویمن پلیئر نہیں تھی مگر اب 20 ممالک کی ٹیموں سے مقابلے کے لیے تیار ہیں۔ سعودی ویمن فٹ بال پریمیئر لیگ 27 ستمبر سے سعودی عرب میں شروع ہورہی ہے جس میں نئی نسل کی ویمن فٹبال پلیئرز کو متعارف کرایا جائے گا۔ 18 ہفتوں پر مشتمل لیگ کے تحت 90 میچز کھیلے جائیں گے، ویمن پریمیئر لیگ تیسرے سیزن میں 200 سے زائد پلیئرز نے خود کو رجسٹر کرایا ہے۔



قوالی پر بنی پاکستانی دستاویزی فلم نے عالمی ایوارڈ جیت لیا

بہت اچھا لگ رہا ہے ہماری ڈاکومینٹری کو دنیا بھر کے ناظرین سراہتے ہیں



لاہور (ویب ڈیسک) 15 ویں شکاگو ساؤتھ ایشین فلم فیسٹیول میں پاکستانی میوزک ڈاکومینٹری فلم 'سانجھ آف دی صوفی' نے بہترین ڈاکومینٹری آڈینس چوائس ایوارڈ جیت لیا۔ اس ڈاکومینٹری میں قوال بچے گھرانے کے قوالیوں، شائقین، عقیدت مندوں اور میوزک اسکالرز کے ذریعے کلاسیکل قوالی کی کہانی بیان کی گئی ہے۔ معروف پاکستانی فنکاروں کے صوفیانہ سوچ سے متاثر آرٹ، مغل منی ایچر پینٹنگز، قوالیوں، انٹرویوز اور سچی کہانی سنانے کے انداز کو یکجا کرتے ہوئے یہ ڈاکومینٹری فلمائی گئی ہے۔ صوفیانہ گیت ایک حیرت انگیز فن ہے جو تاریخ، ثقافت اور محبت کے آفاقی پیغام کی کھوج کرتا ہے۔ شکاگو ساؤتھ ایشین فلم فیسٹیول کے ڈائریکٹر جگر شاہ نے کہا کہ میں بہت خوش ہوں کہ اس ڈاکومینٹری نے ہمارے فیسٹیول میں کامیابی حاصل کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ شاہ رخ وحید اور کامران انور نے اس شاہکار کو بڑے پردے پر نہایت عمدہ انداز میں پیش کیا ہے۔ ڈاکومینٹری کے ہدایت کار شاہ رخ وحید نے کہا کہ ہمیں بہت اچھا لگ رہا ہے کہ ہماری ڈاکومینٹری کو دنیا بھر کے ناظرین کی جانب سے سراہا جارہا ہے۔

محض 14 سال کی عمر میں اسٹار بن چکا تھا، بہروز سبزواری

کراچی (شوبز ڈیسک) سینئر اداکار بہروز سبزواری نے کہا ہے کہ جس عمر میں شناختی کارڈ بھی نہیں بنتا، وہ اس عمر سے قبل یعنی محض 14 سال کی عمر میں اسٹار بن چکے تھے۔ بہروز سبزواری نے حال ہی میں مزاحیہ پروگرام گپ شپ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے کیریئر سمیت مختلف معاملات پر کھل کر بات کی۔ پروگرام میں بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کی آنے والی میگا کاسٹ فلم 'نیلوفر' کی شوٹنگ پانچ سال قبل 2019 کے اختتام پر ہی مکمل کرلی گئی تھی لیکن وہ تاحال ریلیز نہیں ہوئی۔ انہوں نے مداحوں سے فلم کی ریلیز کے لیے دعائیں کرتے ہوئے بتایا کہ وہ مذکورہ فلم میں طویل عرصے بعد ایک بار پھر فواد اور ماہرہ خان کے ساتھ کام کرتے دکھائی دیں گے۔

فضا علی کو امریکا میں انسٹاگرام ریلز بنانا مہنگا پڑ گیا

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ و میزبان فضا علی کو امریکا میں انسٹاگرام ریلز بنا کر سوشل میڈیا پر شیئر کرنا مہنگا پڑ گیا۔ فضا علی نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر امریکا کی کچھ نئی ویڈیوز شیئر کی ہیں۔ پہلی ویڈیو میں انہیں امریکا میں ٹرین میں سفر کرتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے جبکہ دوسری ویڈیو میں وہ ایک پارک میں ایک خوبصورت چھوٹی ٹرین کے ساتھ ساتھ چلتے ہوئے کیمرے کے لیے مختلف قسم کے پوز دیتے ہوئے نظر آرہی ہیں۔ اداکارہ کو ویڈیوز میں رنگ برنگے پھولوں کے ڈیزائن والے شارٹ ٹاپ کے ساتھ سفید رنگ کی ریشمی پلازو پینٹ پہنے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔

سلمان خان نے 'سکندر' کی تیاری دکھادی

ممبئی (ویب ڈیسک) بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان نے اپنی نئی آنے والی فلم 'سکندر' کی تیاری دکھا دی۔ سلمان خان نے گزشتہ روز سوشل میڈیا پر فلم کی تیاری سے متعلق اپنی ایک تصویر شیئر کی جس میں انہیں جم میں ایکسر سائز کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ سلمان خان کی تصویر کو ان کے مداحوں نے خوب پسند کیا اور سپر اسٹار کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اداکار نے تصویر کے ساتھ صرف سکندر لکھا جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ وہ فلم کی تیاری کے لیے خاص قسم کی محنت کررہے ہیں۔ اس سے قبل یہ بات بھی سامنے آئی تھی کہ سلمان خان عالیہ دنوں میں اپنا وزن کم کررہے ہیں تاکہ وہ سکندر میں فٹ نظر آئیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بالی ووڈ فلم سکندر کے حوالے سے رواں ماہ اعلان کیا گیا تھا اور یہ فلم اگلے سال عید پر ریلیز ہو گی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس فلم میں رشمیکا مندانا بھی شامل ہیں۔

لائبہ خان کے پرنٹڈ ساڑھی میں حسن کے جلوے، مداح دل ہار بیٹھے



لاہور (شوبز نیوز) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ لائبہ خان نے پرنٹڈ ساڑھی میں حسن کے جلوے بکھیر کے مداحوں کو گرویدہ بنالیا۔ حال ہی میں اداکارہ لائبہ خان نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنے آفیشل اکاؤنٹ سے چند نئی تصاویر شیئر کیں جو مداحوں کے دلوں کو بھا گئیں۔ مذکورہ تصاویر میں لائبہ خان نے سیاہ بلاؤز کے ساتھ پرنٹڈ ساڑھی زیب تن کر رکھی ہے، اداکارہ نے بالوں کو مہارت کے ساتھ باندھا ہوا ہے جبکہ کلائیوں میں بھاری کڑے اور کانوں میں بندے بھی ڈالے ہوئے ہیں۔ لائبہ نے اس موقع پر گہرا میک اپ بھی کیا ہوا ہے جبکہ قاتلانہ مسکراہٹ سے مداحوں کے دلوں پر بجلیاں گرا رہی ہیں۔ پوسٹ کے کیپشن میں لائبہ نے لکھا کہ "مجھ سے تم جدا نہیں" تاہم انہوں نے یہ واضح نہیں کیا کہ یہ الفاظ اداکارہ نے کس کے لیے کہے ہیں۔ تصاویر نے سوشل میڈیا پر آتے ہی فیشن کی دنیا میں تہلکہ مچادیا، پوسٹ پر مداحوں کی جانب سے پسندیدگی کا اظہار کیا جارہا ہے جبکہ کمنٹ سیکشن میں مداحوں کی جانب سے محبت بھرے کمنٹس کا لامتناہی سلسلہ بھی جاری ہے۔ پاکستانی شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ لائبہ خان نے پرنٹڈ ساڑھی میں حسن کے جلوے بکھیر کے مداحوں کو گرویدہ بنالیا۔ حال ہی میں اداکارہ لائبہ خان نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنے آفیشل اکاؤنٹ سے چند نئی تصاویر شیئر کیں جو مداحوں کے دلوں کو بھا گئیں۔

صبا فیصل ایک بار پھر دادی بن گئیں، پوتے کا نام بھی بتادیا

بیٹے ارسلان اور بہونشا کے ہاں حذیفہ ارسلان کی پیدائش ہوئی

لاہور (ویب ڈیسک) معروف پاکستانی اداکارہ صبا فیصل ایک بار پھر دادی بن گئیں، انہوں نے پوتے کا نام بھی بتادیا۔ سینئر اداکارہ صبا فیصل کے چھوٹے صاحبزادے ارسلان فیصل کے ہاں شادی کے ایک سال بعد پہلے بچے کی پیدائش ہوئی جس کی تصدیق اداکارہ نے اپنی انسٹاگرام پوسٹ کے ذریعے کی۔ صبا فیصل نے اپنی انسٹاگرام پوسٹ میں ہوئی گود بھرائی کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ وہ اور ان کے شوہر تیسرے پوتے کے دادا اور دادی بن گئے ہیں، ان کے بیٹے ارسلان اور بہونشا کے ہاں حذیفہ ارسلان کی پیدائش ہوئی ہے۔ اداکارہ کی جانب سے تیسرے پوتے کی پیدائش کی پوسٹ پر شوبز شخصیات اور مداحوں کی جانب سے مبارک بادوں کا سلسلہ جاری ہے۔ خیال رہے کہ صبا فیصل 2 بیٹوں اور ایک بیٹی سمیت 3 بچوں کی ماں ہیں، ان کے بڑے بیٹے بھی 2 بیٹوں کے باپ ہیں جبکہ بیٹی سعدیہ بھی شادی شدہ ہیں۔

وینا ملک کی زندگی میں نئے 'مسٹری مین' کی آمد

لاہور (شوبز ڈیسک) مختلف سوشل میڈیا پیجز نے دعویٰ کیا ہے کہ پاکستانی اداکارہ و میزبان وینا ملک ایک بار پھر محبت میں گرفتار ہوگئی ہیں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر اداکارہ کی مختلف انسٹا اسٹوریز کے اسکرین شاٹس وائرل ہیں۔ وائرل اسکرین شاٹس میں اداکارہ نے 'ایم شہریار 01' نامی ایک مخصوص ٹک ٹاک اکاؤنٹ اور 'شہریار چوہدری' نامی انسٹاگرام اکاؤنٹ کی مختلف ویڈیوز کو ری شیئر کیا ہے۔ ری شیئر کی گئی ویڈیوز اور انسٹا اسٹوریز کے ساتھ سرخ دل والے ایموجی اور مختلف کمنٹس بھی موجود ہیں، جو اس بات کا عندیہ دے رہے ہیں کہ اداکارہ کی زندگی میں ایک بار پھر کسی خاص شخص کی آمد ہوگئی ہے۔ اس حوالے سے اداکارہ نے خود کچھ واضح نہیں کیا ہے اور نہ ہی اداکارہ نے مذکورہ شخص کا چہرہ دکھایا ہے۔ یاد رہے کہ یہ پہلا موقع نہیں ہے جب اداکارہ نے کسی خاص رشتے کا عندیہ دیا ہو، بلکہ اس سے قبل بھی ان کے مختلف افیئرز میڈیا کی توجہ حاصل کرنے میں کامیاب رہے ہیں۔ انہوں نے 2010ء میں بھارتی ریئلٹی شو 'بگ باس، سیزن 4' میں شرکت کی تھی، جہاں ان کا افیئر اداکار اشمیت پٹیل کے ساتھ رہا، جسے میڈیا میں بھی کافی جگہ دی گئی۔ اس کے علاوہ اداکارہ کا نام پاکستانی اداکار ببرک کے ساتھ بھی جڑا، دونوں کی محبت شہ سرخیوں کا حصہ رہی، لیکن ببرک سے ان کی محبت شادی تک نہ پہنچ سکی۔ واضح رہے کہ اداکارہ وینا ملک نے 25 دسمبر 2013ء کو دبئی کے بزنس مین امد بشیر خان خٹک سے شادی کی تھی، جو صرف 4 سال بعد 2017ء میں طلاق کی صورت میں ختم ہوگئی۔ طلاق کے بعد بچوں کی حوالگی سے متعلق تنازع کھڑا ہوا لیکن ان کے 2 بیٹوں کی کسٹڈی اداکارہ کے پاس ہی ہے۔

امر خان نے پاکستانیوں کو جاہل قوم قرار دے دیا

لاہور (ویب ڈیسک) معروف پاکستانی اداکارہ امر خان نے پاکستانیوں کو 'جاہل قوم قرار دے دیا۔ حال ہی میں خوبرو اداکارہ امر خان نے نجی خبر رساں ادارے کی میزبان کے دلچسپ سوالات کے جواب دیتے جس کے مختلف ویڈیو کلپس بھی سوشل میڈیا پر وائرل ہورہے ہیں۔ ایک وائرل ویڈیو کلپ میں دیکھا جاسکتا ہے کہ میزبان نے امر خان سے سوال کیا کہ ہماری انڈسٹری میں ایسا مشہور اداکار یا اداکارہ کون ہیں جو اتنی شہرت کے حق دار نہیں؟ میزبان کے سوال کے جواب میں امر خان نے پوچھا کہ آپ مجھ سے یہ سوال کیوں کررہی ہیں؟ ایسے سوال نہیں پوچھنے چاہئیں کیونکہ آج کل ویسے ہی ٹی وی اور سوشل میڈیا پر ایسے کئی پروگرامز چل رہے ہیں جن میں اوور ریٹڈ، انڈر ریٹڈ اور کچرا اداکار سے متعلق دوسرے اداکار تبصرے کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ امر خان نے کہا کہ دنیا میں ایسا کوئی ملک نہیں ہے کہ جہاں ایک اداکار اپنی انڈسٹری کے دوسرے اداکار پر تبصرہ کرے، یہ صرف ہماری انڈسٹری میں ہوتا ہے کیونکہ ہم جاہل قوم ہیں۔ اداکار نے مزید کہا کہ اس سوال کا مختصر اور سیدھا جواب یہی ہے کہ ہم جاہل قوم ہیں، میں اس سے زیادہ کچھ نہیں کہہ سکتی، امر خان کا جواب سن کر میزبان نے لاجواب ہوتے ہوئے کہا کہ آپ نے میرے سوال کا بہترین جواب دیا ہے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد ریاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

چکوال سے چوآسیدن شاہ روڈ کا کام زوروشور سے جاری

فنڈ نہ ملنے کی وجہ سے کام میں تاخیر ہوئی رہی تھی اب فنڈ مل گئے ہیں،نمائندہ قوت سے گفتگو



چکوال(ایم ایوب سلطانی) چکوال سے چوآسیدن شاہ روڈ کا کام زوروشور سے جاری ہے اور انشاءاللہ دن رات ایک کرکے کام انشاءاللہ مکمل کریں گے M sk کمپنی کے پی ایم مشتاق گوندل سے قوت اخبار لاہور کے بیورو چیف چکوال نے پوچھا یہ کام کیوں رکا ہوا تھا تو انہوں نے کہا کہ فنڈ نہ ملنے کی وجہ سے کام میں تاخیر ہوئی رہی تھی اب فنڈ مل گئے ہیں اور انشاءاللہ کام جاری وساری ہے اچھا اور جلدی کام کریں گے

جہلم:سبزیاں بھی غریب کی پہنچ سے باہر ہوگئیں،شہری پریشان

ضلع جہلم کے شہریوں نے وزیراعلی پنجاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ کردیا

جہلم(بیورو رپورٹ)جہلم قیمتوں میں مسلسل اضافے کے باعث سبزیاں بھی غریب کی پہنچ سے باہر ہو گئیں ۔کوئی بھی سبزی سستے داموں پر میسر نہیں شہریوں نے وزیراعلی پنجاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ کردیا۔تفصیلات کے مطابق شہر سمیت ضلع بھر کی منڈیوں میں قیمتوں میں اضافے کے باعث بازاروں میں سبزیوں کی قیمتوں،میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے ۔اس وقت پیاز،ٹماٹر،لہسن اور ادرک کی قیمت میں بہت زیادہ اضافہ ہوگیا ہے۔ دکاندار اور بڑھی ہاں سرکاری نرخ نامے کو پاؤں تلے روندتے ہوئے من مانی قیمتیں وصول کررہے ہیں اور یوں موسمی سبزیاں بھی غریب کی دسترس سے دور ہوگئی ہیں اسطرح 1ہزار سے 15سو روپے یومیہ کمانے والا محنت کش بھی سبزی دیکھ سکتا ہے خرید نہیں سکتا یہی وجہ ہے کہ غریب آدمی کے مسائل میں تیزی کے ساتھ اضافہ ہورہا ہے۔یہی وجہ ہے کہ لوگ مہنگی سبزیاں خریدنے پر مجبور ہیں شہر کے عوامی،سماجی،حلقوں،اور شہری تنظیموں کے عمائدین نے وزیر اعلی پنجاب ،چیف سیکرٹری پنجاب ،ایڈوائزر صوبائی محتسب پنجاب سمیت ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا ہے کہ نوٹس لیکر خود ساختہ مہنگائی کو روکا جائے اور سرکاری نرخوں پر سبزیاں فروخت نہ کرنے والے دکانداروں کے خلاف فوجداری مقدمات درج کرنے کے ساتھ ساتھ بھاری جرمانے کئے جائیں تاکہ مہنگائی کا خاتمہ ممکن ہوسکے۔

اوکاڑہ چیمبر اف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے انتخابات مکمل

چوھدری شہزاد حسن بلا مقابلہ صدر منتخب ہوگئے،عبوری نتائج کا اعلان کردیا گیا



اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت)اوکاڑہ چیمبر اف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے انتخابات مکمل ۔چوھدری شہزاد حسن بلا مقابلہ صدر منتخب ہوگئے ۔چیمبر اف کامرس اوکاڑہ کے مقرر کئے گئے الیکشن کمشنر چوھدری محمد عرفان نے عبوری نتائج کا اعلان کرتے ہوے کہا کہ اوکاڑہ چیمبر اف کامرس کے سالانہ انتخابات 2024-2025 کا دوسرا مرحلہ بھی افہام وتفہیم سے مکمل ہوگیا۔افس بیرر کے انتخابات میں ۔چوھدری شہزاد حسن صدر۔چوھدری بلال بشیر سینئر نائب صدر۔شیخ محمد حنیف نائب صدر۔منتخب ہو گئے ۔اوکاڑہ چیمبر اف کارس کے بانی (ر) فلائیٹ لفٹیننٹ چوھدری ارشد اقبال نے نومنتخب عہدیداروں کو مبارکباد دی۔جب کہ سابقہ عہدیداران نے بھی نومنتخب عہدیدران کو مبارکباد دی اور مکمل حمایت کا یقین دلایا۔اور کہا کہ نومنتخب عہدیدران بزنس کیمونٹی کے مسائل کے حل کے لئے ۔ہر ممکن اقدامات کریں گے ۔اوکاڑہ کی تجارت وصنعت کی ترقی وترویج کے لئے نئے منصوبہ جاتکے قیام کے لئے اپنی صلاحیتوں کو بھرپور انداز میں بروئے کار لائیں گے ۔اوکاڑہ کے منتخب ایم این اے چوھدری ریاض الحق ۔ایم پی اے میاں محمد منیر نے بھی اوکاڑہ چیمبر اف کامرس کے نئے منتخب ہونے والے عہدیداران کو مبارکباد دی ہے۔

ڈنڈوں کے وار کر کے حقیقی باپ نے اپنی حقیقی 12 سالہ بیٹی پانچویں کلاس کی طالبہ کو موت کے گھاٹ اتار دیا

گکھڑ منڈی (محمد ارشد سے) محلہ بابر ٹاؤن، ڈنڈوں کے وار کر کے حقیقی باپ نے اپنی حقیقی 12 سالہ بیٹی پانچویں کلاس کی طالبہ کو موت کے گھاٹ اتار دیا پولیس آفیسر SSP آپریشن رضا تنویر، DSP وزیر آباد ہاشم گجر،SHO تھانہ گکھڑ،فرحت نواز چٹھہ موقع پر پہنچ گئے فرانزک لیب ٹیم، جائے وقوعہ پر موجود،پولیس نے ملزم کو ڈنڈے سمیت تحویل میں لے کر تفتیش شروع کردی ہے

حکومت کا بجلی صارفین سے دیا گیا ریلیف سود سمیت واپس لینے کی تیاری

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) حکومت کا بجلی صارفین سے دیا گیا ریلیف سود سمیت واپس لینے پر عملدرامد کا آخری شکل دی جارہی ہے۔ 30 ستمبر سے 200 یونٹ تک کا ریلیف ختم اور بنیادی ٹیرف فی یونٹ 7_12 روپے تک بڑھ جائے گا زرائع سے حاصل کی گئی رپورٹ کے مطابق وفاقی حکومت کی جانب سے 200 یونٹ تک کا 3 ماہ کا ریلیف 30 ستمبر سے ختم ہو جائے گا زرائع کے مطابق یکم اکتوبر سے ماہانہ 200 یونٹ تک صارفین کا بنیادی ٹیرف فی یونٹ 7_12 تک بڑھ جائیگا۔زرائع نے بتایا کہ 100 یونٹ تک نان پروٹیکٹڈ صارفین کا ٹیرف 7_11 روپے بڑھ کر 23_59 روپے ہوجائے گا اور 101 سے 200 یونٹ تک نان پروٹیکٹڈ کا ٹیرف 7_12 روپے بڑھ کر 30_07 روپے ہوجائے گا۔زرائع کا کہنا ہے کہ ایک سے 100 یونٹ تک پروٹیکٹڈ صارفین کا ٹیرف 3_95 روپے بڑھ کر 11_69 روپے ہوجائے گا۔

پنجاب گیمز میں حصہ لینے والے کھلاڑیوں کی رجسٹریشن کا عمل آج سے شروع کردیا گیا،نبیلہ چیمہ

حافظ آباد(بیورو رپورٹ)ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر میڈم نبیلہ چیمہ نے کہا ہے کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی خصوصی ہدایت پر کھیلتا پنجاب گیمز میں حصہ لینے والے کھلاڑیوں کی رجسٹریشن کا عمل آج سے شروع کردیا گیا ہے۔کھیلتا پنجاب گیمز میں ہاکی، کرکٹ، اتھلیٹکس، باسکٹ بال، فٹ بال، کبڈی، میٹ ریسلنگ،تائی کوانڈو، ٹیبل ٹینس، بیڈمنٹن، والی بال اور تیراندازی کے مقابلے منعقد کروائے جائینگے۔حافظ آباد ضلع کے رہائشی کھلاڑی ان کھیلوں میں حصہ لینے کے لیے ضلعی سپورٹس آفیسر کے دفتر میں اپنی رجسٹریشن کر وا سکتے ہیں۔ڈسٹرکٹ سپورٹس آفیسر نے بتایا کہ کرکٹ کے علاوہ کھیلوں کے تمام مقابلوں میں کھلاڑیوں کی عمر 22 سال مقرر کی گئی ہے جبکہ کرکٹ، ٹیپ بال ٹورنامنٹ کے لیے عمر کی کوئی حد مقرر نہیں کی گئی۔

پنجاب بارکونسل کے زیر اہتمام بارووکیشنل کورس کا انعقاد ہوا

سائبر لاء ایکسپرٹ زین قریشی، ملک شہباز، شمشاد باجوہ کا خطاب

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پنجاب بارکونسل کے زیر اہتمام بارووکیشنل کورس کا انعقاد ہوا جس میں سائبر لاز ایکسپرٹ زین علی قریشی،ممبر پنجاب بارکونسل شمشاد باجوہ،سنیئر لاء آفیسر ملک شہباز احمد اعوان اور سیکرٹری جنرل ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ چوہدری راحت نذیر وینس نے شرکاء کورس کو قانون پر مفصل لیکچر دیئے۔اہم سیشن میں سنیئر وکلاء امیدوار سیکرٹری بار افضل اسلم سیٹھ ٹیصل تیمور اور این۔جے باجوہ نے بھی شرکت کی۔سنیئر ریسورس پرسن زین علی قریشی نے سائبر لاز سے متعلق مفید اور جامع پوائنٹس پر روشنی ڈالی۔سنیئر وکیل ملک شہباز احمد اعوان،چوہدری شمشاد اے باجوہ اور سیکرٹری جنرل بار چوہدری راحت نذیر وینس نے بطور ریسورس پرسن شرکاء کورس کے اہم قانونی نکات پر مفید وجامع الفاظ میں جوابات دیئے۔

حکومت پنجاب محکمہ یوتھ افیئرز اینڈ سپورٹس پنجاب کے پروگرام کھیلتا پنجاب کی افتتاحی تقریب



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) حکومت پنجاب محکمہ یوتھ افیئرز اینڈ سپورٹس پنجاب کے پروگرام کھیلتا پنجاب کی ڈی سی آفس چنیوٹ میں افتتاحی تقریب منعقد ہوئی، ڈپٹی کمشنر رانا محمد عمر نے کھیلتا پنجاب پروگرام کی تقریب میں شرکت کی اور افتتاح کیا،تحصیل سپورٹس آفیسر محمد انیس الرحمن نے تقریب میں کھیلتا پنجاب پروگرام کی تفصیلات بارے میڈیا کو آگاہی دی،اس موقع پر ڈپٹی کمشنر رانا محمد عمر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کھیلتا پنجاب پروگرام کا مقصد نوجوانوں میں کھیلوں کو فروغ دینا ہے،کھیلتا پنجاب میں کلب رجسٹریشن جاری ہے جو 27 ستمبر تک کروائی جاسکتی ہے،انہوں نے مزید کہا کہ یکم اکتوبر سے 15 اکتوبر تک ضلع بھر میں کھیلوں کا انعقاد کیا جائے گا اور کھیلوں میں 11 لاکھ کے انعامات دیئے جائیں گے، ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ رجسٹریشن آن لائن پنجاب سپورٹس کی ویب سائٹ پر کروائی جاسکتی ہے،اس میں بائیس سال عمر تک کے کھلاڑی شرکت کرسکتے ہیں،ضلعی سطح پر شرکت کے لئے کھلاڑی کا ای ضلع کا رہائشی ہونا لازمی ہے،آخر میں انکا کہنا تھا کہ کھیلوں میں دلچسپی سے نوجوانوں کی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔

محلہ گرڈ سٹیشن میں مین ہولز کھلے؛متعدد بار بچے گر چکے

اعلی احکام نوٹس لے کر ان مین ہولز کو بند کروائیں، اہلیان علاقہ کا مطالبہ



چوآسیدن شاہ(ایم ایوب سلطانی) محلہ گرڈ سٹیشن میں مین ہولز کھلے؛متعدد بار بچے گر چکے،اعلی احکام نوٹس لے کر ان مین ہولز کو بند کروائیں۔ :-محلہ گرڈ سٹیشن کے مکینوں کا مطالبہ ۔تفصیلات کے مطابق محلہ گرڈ سٹیشن میں پچھلے چھ ماہ سے مین ہولز کھلے ہیں۔ اہلیان محلہ کو شدید مشکلات کا سامنا۔ متعدد بار بچے گر چکے۔ مگر تاحال ان مین ہولز کو بند نہیں کیا گیا۔ اہلیان محلہ گرڈ سٹیشن کے مکینوں نے اعلی احکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر نوٹس لے کر ان ہولز کو بند کیا جائے تاکہ مشکلات کا سامنا نہ ہو۔

اسسٹنٹ کمشنر کے پٹرول پمپس/بازاروں /تندوروں کے ہنگامی دورے

حافظ آباد(نمائندہ خصوصی)اسسٹنٹ کمشنر حافظ آباد سہیل ریاض نے مختلف پٹرول پمپس، مارکیٹوں، بازاروں، تندوروں اور ہوٹلوں کے اچانک دورے کیے جہاں انہوں نے کم مقدار میں مہنگا پٹرول فروخت کرنے،روٹی اور دیگر اشیائے خورد ونوش مہنگے داموں داموں فروخت کرنے پر پٹرول پمپ مالکان اور دوکانداروں کو 70 ہزار روپے جرمانہ کیا۔اسسٹنٹ کمشنر سہیل ریاض نے گوجرانوالہ روڈ پر واقع مختلف پٹرول پمپس کا اچانک دورہ کیا اور وہاں پٹرول کی قیمتوں اور انکے معیار کا جائزہ لیا۔اسسٹنٹ کمشنر نے مختلف ہوٹلوں، تندوروں، پھل،سبزی اور کریانہ کی دوکانوں کا اچانک دورہ کیا جہاں کم مقدار میں پٹرول اور مہنگے داموں روٹی و دیگر اشیاء فروخت کرنے والوں کو مجموعی طور پر 70 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا۔

جائیداد کے تنازعہ پر خاتون سمیت 2 افراد کو زخمی کردیا گیا

کوٹلی لوہاراں (نمائندہ قوت) جائیداد کے تنازعہ پر خاتون سمیت 2 افراد کو زخمی کردیا گیا، خاتون کی ہڈی ٹوٹ گئی۔تفصیلات کیمطابق تھانہ کینٹ کے علاقہ بوتھ میں وکرم، سرفراز، ایریاس اور نکاش جائیداد کے تنازعہ پر شہزاد گلفام کے گھر گھس آئے اور ڈنڈوں اور ہوروں مکوں کے وار کر کے شہزاد گلفام اور خاتون ردا کو زخمی کردیا۔تشدد کے باعث ردا کی ہڈی ٹوٹ گئی،ملزمان موقع سے فرار ہو گئے جبکہ پولیس نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کردی۔

ڈسکہ:80 لاکھ کا بوگس چیک دینے پر مقدمہ درج کرلیا گیا

ڈسکہ(تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی)80 لاکھ کا بوگس چیک دینے پر مقدمہ درج ڈسکہ کے ندیم نے ملزم قاسم شہباز کو جگہ کے بیعانہ کے عوض 80 لاکھ روپے دیئے کافی عرصہ گزرنے پر جب اس نے اپنی دی ہوئی رقم کی واپسی کا مطالبہ کیا تو ملزم نے ٹال مٹول کے بعد مقامی بینک کا بوگس چیک دے دیا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

نوجوانوں کی طاقت کا درست استعمال کر کے ترقی کی جاسکتی ہے،بریگیڈیئر(ر)بابر علاؤالدین

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) چیئرپرسن چیف منسٹر ڈائریکٹوریٹ آف انسپکشنز اینڈ ویجیلینس پنجاب بریگیڈیئر(ر) بابر علاؤالدین نے کہا کہ پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جہاں 65 فیصد آبادی یوتھ پر مشتمل ہے،نوجوانوں کی اس طاقت کا اگر درست استعمال نہیں کیا گیا تو ملک کو درپیش اقتصادی، معاشی، دفاعی اور نظریاتی طور پر مضبوط اور مستحکم نہیں بنایا جاسکتا۔یہ بات انہوں نے آج گورنمنٹ کالج وویمن یونیورسٹی سیالکوٹ میں نیشنل سمپوزیم ٹو ٹیز چیلنجز اینڈ ریسپانسبلٹی آف یوتھ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

ہم صحابہ کرام کی عزت وناموس کیلئے قربانی دینے کیلئے ہر وقت تیار ہیں،حاجی جمیل فخری

آج ہمیں سیرت النبی ﷺ پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے،مقررین



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ہم تحفظ ختم نبوت کیلئے اور صحابہ اکرام کی عزت وناموس کے لئے قربانی دینے کے لیے ہر وقت تیار ہیں عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کیلئے کام کرتے رہیں گے اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے آج ہمیں سیرت النبی ﷺ پر عمل پیرا ہونے کی ضرورت ہے 25 ویں سالانہ سیرت سید الکونین اور کل جماعتی تحفظ ختم نبوت کانفرنس میں مہتمم اعلی کے امیر مفتی کفایت اللہ اور ضلع چنیوٹ کے کثیر علماء،طلباء،اور عوام الناس نے شرکت فرمائی ان کے ساتھ ساتھ کانفرنس میں انجمن تاجران کے ضلعی صدر حاجی محمد جمیل فخری اور وکلاء برادری سے فضل حسین کالرو اور دیگر سیاسی و مذہبی جماعتوں کے بڑے بڑے ذمہ داران نے خطابات کئے اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کو بہت ہی خوبصورت انداز میں عوام الناس کے سامنے پیش کیا،آخر میں پاکستان راہ حق پارٹی چنیوٹ کے امیدوار قومی اسمبلی،حضرت مولانا عبد القادر نے پاکستان کی سلامتی کے لیے کے امیر مہر تنویر الحق،پاکستان راہ حق پارٹی کے ضلعی صدر قاری محمد طاہر رشید،مولانا ملک خلیل اشرفی،بریلوی مکتبہ فکر کے حضرت مولانا نعیم الدین،اہل حدیث مکتبہ فکر سے حضرت مولانا عمر فاروق انجم،پاکستان علماء کونسل ضلع چنیوٹ کے امیر مفتی کفایت اللہ اور ضلع چنیوٹ کے کثیر علماء،طلباء،اور عوام الناس نے شرکت فرمائی ان کے ساتھ ساتھ کانفرنس میں انجمن تاجران کے ضلعی صدر حاجی محمد جمیل فخری اور وکلاء برادری سے فضل حسین کالرو اور دیگر سیاسی و مذہبی جماعتوں کے بڑے بڑے ذمہ داران نے خطابات کئے اور نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کو بہت ہی خوبصورت انداز میں عوام الناس کے سامنے پیش کیا،آخر میں پاکستان راہ حق پارٹی چنیوٹ کے امیدوار قومی اسمبلی،حضرت مولانا عبد القادر نے پاکستان کی سلامتی کے لیے

جھنگ چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹریز کے سالانہ انتخابات

عبدالقیوم صدر،افتخار لودھی سینئر نائب صدر،حاجی بلال نائب صدر سمیت دیگر ممبران بلا مقابلہ منتخب

جھنگ (بیورو رپورٹ) جھنگ چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹریز کے سالانہ انتخابات کا مرحلہ مکمل ہوگیا۔عبدالقیوم صدر،افتخار لودھی سینئر نائب صدر،حاجی بلال نائب صدر سمیت دیگر ایگزیکٹو ممبران بلا مقابلہ منتخب ہو گئے کمانڈر (ر) صہیب فاروق اور پروفیسر ملا خان نول نے الیکشن کمیشن کی ذمہ داریاں نبھائی اور بلا مقابلہ منتخب ہونے والے امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا اس سلسلہ میں نجی ہوٹل میں ایک تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں گروپ لیڈر کمانڈر رصہیب فاروق اور پروفیسر ملا خان نے نومنتخب عہدیداران سے حلف لیا۔حلف اٹھانیوالوں میں صدر عبدالقیوم،سینئر نائب صدر افتخار لودھی،نائب صدر حاجی بلال،ایگزیکٹو ممبر چوہدری جمیل گجر،چوہدری عبدالغفار گجر،حاجی ظفر گوگا،بابر نذیر،شیخ اسلم،ملک ارشد شمیم خان ودیگر عہدیداران شامل ہیں حلف برداری کی تقریب کے موقع پر نومنتخب صدر عبدالقیوم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ تاجروں کے ہر طرح کے مسائل حل کروانے میں بھرپور کردار ادا کروں گا۔

شیخوپورہ: پریس کلب سپورٹس گالا اختتام پذیر ہوگیا

ٹورنامنٹ میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنیوالوں میں ٹرافی تقسیم

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پریس کلب سپورٹس گالا اختتام پذیر ہوگیا کرکٹ اسٹیڈیم شیخوپورہ میں کھیلے گئے فائنل میچ میں پہلے کھیلتے ہوئے پریس کلب قلندرز نے 89 رنز بنائے یہ ہدف یونائیٹڈ کلب کے اوپنرز نے آٹھویں اوور میں باآسانی مکمل کرلیا،میچ کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر شاہد عمران مارتھ تھے جنہوں نے فاتح ٹیم کے کپتان مبشر حسن بٹ کو ونگ ٹرافی اور رنر اپ ٹیم کے کپتان ریاض اکبر معصومی کو رنر اپ ٹرافی دینے کے علاوہ ٹورنامنٹ میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں میں نقد انعامات اور ٹرافیاں تقسیم کیں،اس موقع پر ایڈیشنل ایس پی بلال سلہری، اسسٹنٹ کمشنر بلاول ہنجرا،سٹی صدر پی ٹی آئی میاں افضال حیدر، چیف آفیسر ضلع کونسل احسن عنایت سندھو،ڈسٹرکٹ آفیسر 1122 رانا اعجاز احمد،الصمد ٹاؤن کے چیف ایگزیکٹو رائے محمد ثاقب، سابق سیکرٹری بار صہیب اسلم سدھو و دیگر نمائندہ افراد موجود تھے۔

جرم وسزا

CRIME & COURT

ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق کی تھانہ کوٹلی لوہاراں میں کھلی کچہری

کھلی کچہری کا مقصد انصاف شہریوں کی دہلیز پر فراہم کرنا ہے اور عوام کیساتھ رابطہ رکھنا ہے ڈی پی او



کوٹلی لوہاراں (انور سجاد شیخ سے) ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق کی تھانہ کوٹلی لوہاراں سیالکوٹ میں کھلی کچہری ڈی پی او سیالکوٹ رانا عمر فاروق نے صدر سرکل میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا ڈی پی او سیالکوٹ نے عوامی مسائل اور شکایات سنیں اور موقع پر ہی فوری حل کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او نے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد انصاف شہریوں کی دہلیز پر فراہم کرنا ہے اور عوام کیساتھ رابطہ رکھنا ہے۔ شہریوں کو انکی دہلیز پر انصاف کی فراہمی اولین ترجیح ہے پولیس عوام کی جان و مال کی حفاظت اور تحفظ کیلئے دن رات کوشاں ہیں مزید کہا کہ عوام الناس کی شکایات کا ترجیحی بنیادوں پر ازالہ کیا جائیگا۔

ناجائز اسلحہ،13 لٹر شراب اور پونے پانچ کلو منشیات برآمد

تھانہ حاجی پورہ پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کردی

کوٹلی لوہاراں (نمائندہ قوت) ناجائز اسلحہ،13 لٹر شراب اور پونے پانچ کلو منشیات برآمد کر کے سات افراد کو گرفتار کرلیا۔تفصیلات کیمطابق تھانہ سول لائن کے علاقہ ماڈل ٹاون سے پولیس نے دوران گشت ایک شخص بلاول سے پستول اور دو گولیاں،تھانہ حاجی پورہ کے علاقہ کوٹھی سکول کے نزدیک سے محمد یوسف سے ایک کلو 540 گرام چرس،تھانہ نیکا پورہ کے علاقہ پل سنیاراں سے محمد عثمان سے رائفل اور 10 گولیاں،تھانہ مراد پور کے علاقہ وکھری دنیا سے وقاص سے 8 لٹر شراب، تھانہ صدر پسرور کے علاقہ رامکے سے صدام حسین سے ایک کلو 240 گرام چرس،نوشہرہ گگے زائیاں سے بابر سے ایک کلو 760 گرام چرس اور تھانہ سبز پیر کے علاقہ دروال سے رضوان احمد سے پانچ لٹر شراب برآمد کر کے انہیں گرفتار کیا اور مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کردی۔

اوکاڑہ پولیس کی کارروائی:اڑھائی کروڑ مالیت کی ہیروئن برآمد

ایس ایچ او حویلی لکھا اعجاز احمد نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات کی بھاری ترسیل کو ناکام بنادیا



دیپالپور(زاہد عمران جنجوعہ قوت) اوکاڑہ پولیس کی کارروائی اوکاڑہ اڑھائی کروڑ مالیت کی ہیروئن برآمد ملزمان گرفتار اوکاڑہ ملزمان کے قبضہ سے 10 کلو ہیروئن برآمد اوکاڑہ ڈی ایس پی بصیر پور سعید انور کی نگرانی میں پولیس کی انٹیلی جنس بیڈ کارروائی اوکاڑہ ایس ایچ او حویلی لکھا اعجاز احمد نے کارروائی کرتے ہوئے منشیات کی بھاری ترسیل کو ناکام بنا دیا اوکاڑہ سرحدی علاقے سے ہیروئن بھارت اسمگل کرنے والا ملزم بھی گرفتار اوکاڑہ ملزم غلام مصطفی کے قبضہ سے 05 کلو ہیروئن برآمد اوکاڑہ ملزم محمد خاں کے قبضہ سے 05 کلو ہیروئن برآمد اوکاڑہ محمد خاں کے قبضہ سے جدید ڈرون،ایل سی ڈی لوکیٹر بیٹریاں اور چارجر بھی برآمد اوکاڑہ ملزم غلام مصطفی سکول بیگ میں منشیات کی ترسیل کے لیے جمرہ روڈ پر موجود تھا اوکاڑہ ملزم محمد خاں ڈرون کے ذریعے منشیات کی سمگلنگ کرتا تھا اوکاڑہ ملزمان حویلی لکھا کے مختلف علاقوں میں منشیات بھی فروخت کرتے تھے اوکاڑہ ملزمان کے خلاف امتناع منشیات کی دفعات کے تحت مقدمات درج۔

نامعلوم افراد کی فائرنگ سے مقامی زمیندار جاں بحق



وزیرآباد(نامہ نگار) نامعلوم افراد کی فائرنگ سے مقامی زمیندار جاں بحق۔موضع گل والا کا رہائشی 40 سالہ زمیندار دلاور پر نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر دی جسکے نتیجہ میں وہ شدید زخمی ہوگیا جسے طبی امداد کی خاطر مقامی ہسپتال لیجاتے ہوئے زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جان کی بازی ہار گیا۔مقتول دلاور کے کزن نے بتایا کہ ہم ڈیرہ پر موجود تھے اور دلاور موٹر سائیکل پر گھر جانے لگا ڈیرہ سے روڈ پر پہنچا تو فائرنگ کی آواز سنی تو ہم نے موقع پر جا کر دیکھا تو تین کس نامعلوم موٹر سائیکل سوار فائرنگ کر کے موقع سے فرار ہو گئے اور دلاور کو دو گولیاں بائیں کندھے اور ایک گولی بائیں پسلی پر لگی تھی۔وجہ عناد نہ معلوم ہوسکی ہے مقامی پولیس موقع پر پہنچ کر مصروف تفتیش ہے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کیپٹن (ر) واحد محمود کا ایم ٹی او کا ہنگامی دورہ

چکوال(ایم ایوب سلطانی)وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن آئی جی پنجاب اور آر پی او راولپنڈی ڈویژن کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال کیپٹن (ر) واحد محمود نے ایم ٹی او دفتر کا اچانک دورہ کیا اور سرکاری گاڑیوں وموٹر سائیکلوں کی انسپکشن کی۔ڈی پی او چکوال کیپٹن ریٹائرڈ واحد محمود نے پولیس لائن میں ایم ٹی او دفتر کا اچانک دورہ کیا اور مرمت کرائی جانے والی گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی انسپکشن کی۔ڈی پی او چکوال نے تمام گاڑیوں کی میکینسز اور فٹنس کا جائزہ لیا اور نئی بیٹریز کا بھی جائزہ لیا۔

تین ملزمان نے فائرنگ کر کے نوجوان سمیت دو افراد کو شدید زخمی کردیا

ڈسکہ(تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی)فائرنگ کے دو مختلف واقعات میں تین ملزمان نے فائرنگ کر کے نوجوان سمیت دو افراد کو شدید زخمی کردیا تھانہ موتزہ کے علاقہ بیگ چک کا سلطان اپنے ڈیرہ پر موجود تھا کہ اسی دوران ملزمان رانا الیاس اور محمد اقبال مسلح آتشیں اسلحہ لے آگئے اور آتے ہی اس پر قتل کردینے کی نیت سے فائرنگ کرنا شروع کردی جس کے نتیجہ میں سلطان شدید زخمی ہوگیا موقع گواہ کے خظلہ کا بھائی کاروباری سلسلہ میں علی وڑائچ کی دوکان پر گیا دوکاندار علی وڑائچ نے اس کے بھائی پر پسٹل تان کر فائرنگ شروع کردی جس کے نتیجہ میں گولی لگنے سے اس کا بھائی شدید زخمی ہوگیا زخمیوں کو ٹی امداد کیلئے سول ہسپتال پہنچایا گیا پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے۔

بے رحم باپ نے ڈنڈوں کے وار سے پانچویں جماعت کی 13 سالہ بیٹی کو قتل کردیا



وزیرآباد(نامہ نگار) بے رحم باپ نے ڈنڈوں کے وار سے پانچویں جماعت کی 13 سالہ بیٹی کو قتل کردیا۔تھانہ صدر کے علاقہ گکھڑ منڈی کے رہائشی سفاک باپ محمد اشرف نے اپنی نوجوان بیٹی زینب کو ڈنڈوں کے وار کر کے قتل کر دیا مقتولہ زینب 5 ویں کلاس کی طالبہ بتائی گئی ہے تھانہ صدر کے علاقہ گکھڑ منڈی میں ظلم کی انتہا بے رحم باپ نے 5 ویں کلاس کی طالبہ 13 سالہ بیٹی کو ڈنڈوں کے وار کر کے قتل کردیا ملزم کو پولیس نے حراست میں لیکر آلہ قتل برآمد کرلیا۔ پولیس کا کہنا ہے قتل کی وجوہات کی تحقیقات کر رہے ہیں جلد حقائق سامنے لائیں گے۔

RPO گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ نے ضلع منڈی بہاؤالدین کا دورہ

انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت کھلی کچہری کا انعقاد



گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) ریجنل پولیس آفیسر گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ نے ضلع منڈی بہاؤالدین کا دورہ کیا۔انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت ریجنل پولیس آفیسر گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ نے ضلع منڈی بہاؤالدین ڈی پی او آفس میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا اور شہریوں کے مسائل سنے۔انہوں نے کہا کہ شہری پولیس کی آنکھ اور کان کا کردار ادا کریں اور منشیات فروشی،ناجائز اسلحہ و دیگر جرائم کو جڑ سے اکھاڑنے کے لیے پولیس کا ساتھ دیں۔آر پی او طیب حفیظ چیمہ نے شہریوں کے مسائل سنے اور آنکے حل کے لیے فوری احکامات جاری کیے۔آر پی او نے مزید کہا کہ ہر شہری کو حق حاصل ہے کہ اپنی شکایت درج کروانے کے لئے جس وقت چاہے ہمارے دفاتر میں آسکے،عوام الناس کے لیے ہمارے دفاتر کے دروازے دن،رات کھلے ہیں۔

معمولی توں تکرار پر،8 افراد کی اندھا دھند فائرنگ چار افراد زخمی

ملک احسن، ارسلان، رضوان علی اور فہد سلیم گولیاں لگنے سے زخمی

کوٹلی لوہاراں (نمائندہ قوت) معمولی توں تکرار پر،8 افراد کی اندھا دھند فائرنگ چار افراد زخمی ہو گئے۔تفصیلات کیمطابق تھانہ مراد پور کے علاقہ گوبد پور میں مقامی الیکٹرونکس کی دوکان کے منیجر نبیل نے دو ملازمین رانا وسیم اور ملک احسن کو ٹیلی فون کر کے بلایا کہ اپنی تنخواہ لے جاؤ،دونوں ملازمین شوروم پر پہنچے تو منیجر ان کے بیس ہزار روپے کاٹ لئے جس پر توں تکرار ہوئی تو نبیل نے علی شاہ، قاسم اور چھ نامعلوم ساتھیوں کو وہاں بلالیا جنہوں نے آتے ہی اندھا دھند فائرنگ کردی جسکے نتیجہ میں ملک احسن کے علاوہ وہاں اردگرد موجود ارسلان،رضوان علی اور فہد سلیم گولیاں لگنے سے زخمی ہو گئے جبکہ ملزمان موقع سے فرار ہو

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بقیہ جات 1

گیا۔وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ کسان ٹیکنالوجی کا اجرا کرنے جا رہے ہیں۔مریم نواز نے کہا کہ میری کابینہ میں اعلیٰ تعلیم یافتہ نوجوان وزیر کام کر رہے ہیں، ایک ہزار نوجوانوں کے لیے 60 ہزار ماہانہ اعزازیہ پروگرام لانچ کیا ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ عوام کی خدمت میری ذمہ داری ہے، نوجوان گالم گلوچ والا کلچر نہیں چاہتے، بلا کسی سیاسی تفریق کے نوجوانوں کو روزگار فراہم کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ میں ہر سیاسی جماعت کے کارکن کی وزیراعلیٰ ہوں، نوجوان اپنے محفوظ مستقبل کے لیے سوچ سمجھ کر فیصلہ کریں۔

بقیہ جات 2

دوران محمد یونس نے وزیراعظم شہباز شریف کو تصویری کتاب آرٹ آف ٹرم تحفے میں دی۔واضح رہے کہ شہباز شریف 5 روزہ دورے پر امریکا میں موجود ہیں جہاں وہ مختلف اجلاسوں میں شرکت اور دوست ملکوں کے سربراہوں سے ملاقاتیں کر رہے ہیں۔وزیراعظم کی 28 ستمبر کو براستہ لندن وطن واپسی متوقع ہے۔انہوں نے نیویارک روانگی سے قبل لندن کے کلینک میں اپنا طبی معائنہ بھی کروایا تھا۔

بقیہ جات 3

وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ دوست ممالک چین، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے تعاون پر شکر گزار ہیں۔ پاکستان نے عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی کڑی شرائط پوری کر دیں۔وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ پنجاب میں تعلیم کے شعبے میں انقلابی اقدامات کیے۔ معاشرے کے محروم طبقے کیلئے پنجاب انڈومنٹ فنڈ کا اجرا کیا جبکہ تعلیم کیفروغ کیلئے دانش اسکول کا قیام عمل میں لایا گیا۔طلبا کو ہنرمند بنانے کے لیے ووکیشنل ٹریننگ کا اہتمام کیا گیا۔شہباز شریف نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کے باعث 2022 میں پاکستان کو تباہ کن سیلاب کا سامنا کرنا پڑا۔ سیلاب سے پاکستان کی معیشت کو اربوں ڈالر کا نقصان ہوا۔سیلاب سے متاثرہ علاقوں کی بحالی کے لیے خاطر خواہ اقدامات کیے۔

بقیہ جات 4

بھی 45 منٹ تک پاکستان کی فضائی حدود استعمال کی گئی اور روایت کے خلاف وہ خاموشی سے گزرے۔

بقیہ جات 5

79 ویں اجلاس کے موقع پر ملاقات ہوئی۔ بیان میں بتایا گیا کہ دونوں رہنماؤں کے درمیان دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال ہوا اور تجارت، سرمایہ کاری، دفاع و سلامتی کے شعبوں میں باہمی طور پر مفید تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔انہوں نے مستقبل قریب میں اسلام آباد میں منعقد ہونے والے پاکستان-ترکیہ اعلیٰ سطح کے اسٹریٹجک کوآپریشن کونسل (ایچ ایل ایس سی) کے آئندہ 7 ویں اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔دونوں رہنماؤں نے علاقائی اور عالمی امور بالخصوص غزہ میں جاری نسل کشی اور سنگین انسانی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا، انہوں نے غزہ میں فوری طور پر انسانی بنیادوں پر جنگ بندی اور کشیدگی کے خاتمے کا مطالبہ کیا۔وزیراعظم نے غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر تسلط جموں و کشمیر کے مظلوم عوام کے لیے ترکیہ کی مضبوط اور مستقل حمایت کو سراہا۔ملاقات کے دوران ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان نے وزیراعظم شہباز شریف کی معاشی پالیسیوں کی تعریف کی جن کی بدولت پاکستان کی معیشت میں استحکام آیا اور وزیراعظم کی قیادت اور اقتصادی اصلاحات کے عزم کو سراہا۔واضح رہے کہ 24 ستمبر کو وزیراعظم شہباز شریف امریکا کے 5 روزہ دورے کے سلسلے میں نیویارک پہنچے، جہاں وہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 79 ویں اجلاس میں شرکت کریں گے۔

بقیہ جات 6

آصف علی زرداری کے وکیل فاروق ایچ نائیک نے نیب ترمیمی قانون عدالت کے سامنے پڑھ کے کہا کہ نیب ترامیم کے بعد یہ کیس اس عدالت کا دائرہ اختیار نہیں بنتا، یہ کیس 5.80 ملین کا ہے جو 500 ملین سے کم بنتے ہیں، اس کیس کو واپس چیئرمین نیب کو بھیج دیا جائے۔ نیب پراسیکیوٹر نے بتایا کہ جب ایک کیس عدالت کا دائرہ اختیار ہی نہیں تو میرٹ ڈسکس نہیں ہوں گے، آصف علی زرداری نے چیک دیا جو باؤنس ہوگیا تھا، آصف علی زرداری کا کیس ایف آئی اے کو بھیج دیا جائے گا، نواز شریف کا کیس الگ ہوگا اور آصف زرداری کا کیس الگ چلے گا، یہ کیس یہی رکا رہے گا جب تک آصف علی زرداری صدر ہیں، عدالت نواز شریف کی حد تک ریفرنس واپس بھیجنے دے آصف علی زرداری کی حد تک سٹے رکھے۔ فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ اگر یہ عدالت کیس واپس کرنے کی بجائے کسی اور عدالت بھیجے گی تو یہ میرٹ کو ڈسکس کرنے کے مترادف ہے، اگر عدالت یہ ریفرنس پاس رکھتی ہے تو یہ قانون کی خلاف ورزی ہے۔آصف علی زرداری اور نواز شریف کے خلاف توشہ خانہ گاڑیوں کا ریفرنس چلے گا یا نہیں، عدالت نے فریقین کے دلائل مکمل ہونے پر فیصلہ محفوظ کر لیا جو 14 اکتوبر کو سنایا جائے گا۔

بقیہ جات 7

(جمعہ) کے روز احتجاج کرے گی اور اس سلسلہ میں مرکزی قیادت کی جانب سے لاہور تنظیم کو احتجاج کی ہدایت کر دی گئی۔ذرائع کے مطابق احتجاج کے وقت اور مقام کا تعین آج جمعرات کے روز کیا جائے گا جس میں طے کیا جائے گا احتجاج حلقوں کی سطح پر ہوگا یا ایک مرکزی مقام پر اکٹھ کیا جائے۔ صدر پی ٹی آئی لاہور امتیاز شیخ احتجاج کی قیادت کریں گے۔

بقیہ جات 8

مریم نواز اجلاس کے موقع پر ملاقات ہوئی۔ بیان میں بتایا گیا کہ دونوں رہنماؤں کے درمیان دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال ہوا اور تجارت، سرمایہ کاری، دفاع و سلامتی کے شعبوں میں باہمی طور پر مفید تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔انہوں نے مستقبل قریب میں اسلام آباد میں منعقد ہونے والے پاکستان-ترکیہ اعلیٰ سطح کے اسٹریٹجک کوآپریشن کونسل (ایچ ایل ایس سی) کے آئندہ 7 ویں اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔دونوں رہنماؤں نے علاقائی اور عالمی امور بالخصوص غزہ میں جاری نسل کشی اور سنگین انسانی صورتحال پر بھی تبادلہ خیال کیا، انہوں نے غزہ میں فوری طور پر انسانی بنیادوں پر جنگ بندی اور کشیدگی کے خاتمے کا مطالبہ کیا۔وزیراعظم نے غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر تسلط جموں و کشمیر کے مظلوم عوام کے لیے ترکیہ کی مضبوط اور مستقل حمایت کو سراہا۔ملاقات کے دوران ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان نے وزیراعظم شہباز شریف کی معاشی پالیسیوں کی تعریف کی جن کی بدولت پاکستان کی معیشت میں استحکام آیا اور وزیراعظم کی قیادت اور اقتصادی اصلاحات کے عزم کو سراہا۔واضح رہے کہ 24 ستمبر کو وزیراعظم شہباز شریف امریکا کے 5 روزہ دورے کے سلسلے میں نیویارک پہنچے، جہاں وہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 79 ویں اجلاس میں شرکت کریں گے۔

بقیہ جات 9

کے تسلسل سے مشروط ہے۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ حکومتی اخراجات میں کمی، نجی شعبے کو فروغ دینا بھی پاکستانی معیشت کے رجحان میں بہتری کی شرط ہوگی، مہنگائی کی شرح سال 2023 تک 2.29 فیصد تک کی سطح پر تھی جو 2024 میں کم ہو کر 4.23 فیصد پر آ چکی ہے۔اے ڈی بی کے مطابق مالی سال 2024 کی پہلی ششماہی میں افراط زر زائد رہی جبکہ دوسری ششماہی میں ملک میں مہنگائی کی شرح میں کمی ہوئی جس کے بعد دیگر مثبت اشاریوں سے شرح سود میں کمی ہوئی۔ایشیائی ترقیاتی بینک کا کہنا ہے کہ اس دھماکے میں تمام سفارت کار محفوظ رہے تھے۔تمام سفیر چیمبر آف کامرس ہینگوہ کی تقریب میں شرکت کے بعد مالم جبہ جا رہے تھے، غیر ملکی سفیروں میں روس، پرتگال، ایتھوپیا، انڈونیشیا کے سفیر شامل تھے۔بعد ازاں واقعے پر ترجمان دفتر خارجہ نے کہا تھا کہ سفارت کاروں کا گروپ بخیریت اسلام آباد واپس پہنچ گیا ہے۔

بقیہ جات 10

نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ حکومت سے آئینی ترامیم پر مذاکرات کا مطلب انتخابات کو تسلیم کرنا ہے، اپوزیشن کسی دباؤ یا لالچ میں آ کر عوام کا ساتھ نہ چھوڑے۔انہوں نے کہا ہے کہ مذاکرات غیر منتخب، ناجائز اور غیر قانونی حکومت کو جائز قرار دینے کی کوشش ہیں۔ بیرسٹر سیف کا کہنا ہے کہ موجودہ پارلیمنٹ آئینی ترامیم کیسے کر سکتی ہے؟ سپریم کورٹ نے کہا کہ عوام کی خدمت میری ذمہ داری ہے، نوجوان گالم گلوچ والا کلچر نہیں چاہتے، بلا کسی سیاسی تفریق کے نوجوانوں کو روزگار فراہم کر رہے ہیں۔انہوں نے یہ بھی کہا ہے کہ آئینی ترامیم پر مذاکرات آئین، جمہوریت اور عدالتوں کی توہین ہیں۔

بقیہ جات 11

یہ کمیٹی مختلف پہلوؤں سے بم دھماکے کی تحقیقات کرے گی۔ذرائع کا کہنا ہے کہ کمیٹی تحقیقاتی رپورٹ تیار کر کے خیبر پختون خوا حکومت کو ارسال کرے گی۔ پولیس کے مطابق سوات کے علاقے مالم جبہ میں 22 ستمبر کو غیر ملکی سفارتکاروں کے قافلے پر دھماکا ہوا تھا جس میں ایک پولیس اہلکار شہید اور 3 زخمی ہوئے تھے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ اس دھماکے میں تمام سفارت کار محفوظ رہے تھے۔تمام سفیر چیمبر آف کامرس ہینگوہ کی تقریب میں شرکت کے بعد مالم جبہ جا رہے تھے، غیر ملکی سفیروں میں روس، پرتگال، ایتھوپیا، انڈونیشیا کے سفیر شامل تھے۔بعد ازاں واقعے پر ترجمان دفتر خارجہ نے کہا تھا کہ سفارت کاروں کا گروپ بخیریت اسلام آباد واپس پہنچ گیا ہے۔

بقیہ جات 12

عوام اپنا حق چھین لیں گے، حکومت عوام کو ریلیف دینے کے معاہدے پر بدعہدی کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ فارم 45 اور 47 والے پارلیمنٹ اور اسمبلیوں کے حمام میں ایک ہیں، حکومت ناکام نااہل اور اندرونی خلفشار کا شکار ہے۔نائب امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ ہر دور کے حکمرانوں نے ملکی وسائل اور نوجوانوں کی صلاحیتوں کو ضائع کیا، پاکستان قدرتی وسائل اور نوجوانوں سے مالا مال ہے۔

بقیہ جات 13

دیگر کو فریق بنایا گیا۔درخواست گزار کا موقف ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی سالگرہ پانچ اکتوبر کو ہے اس لیے پرامن جلسہ کرنا چاہتے ہیں، مینار پاکستان میں شام پانچ بجے سے لیکر رات دس بجے تک جلسہ کرنے کی اجازت دی جائیدرخواست میں موقف اپنایا گیا کہ جلسہ پرامن اور قانون کے مطابق ہوگا، مینار پاکستان جلسے کی اصل درخواست تاحال زیر سماعت ہے۔ پی ٹی آئی کی جانب سے استدعا کی گئی کہ عدالت پانچ اکتوبر کو جلسہ کرنے کی اجازت دینے کا حکم دے۔

بقیہ جات 14

پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر کی سربراہی میں جامعہ کے تعلیمی و انتظامی شعبہ جات کے سربراہان کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں 31 ویں کانووکیشن کے انعقاد، تیاریوں اور کمیٹیوں کے قیام کا جائزہ لیا گیا۔اسی طرح یو ای ٹی لاہور کو مالی بحران سے نکالنے کے متعلق امور بھی زیر بحث آئے جس میں تمام ڈینز اور چیئرمین کو ڈیپارٹمنٹل مالی رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت جاری کی گئیں۔ وائس چانسلر نے نہ صرف جامعہ کی تاریخی ساکھ کو بحال کرنے کا عہد کیا بلکہ اس کی تعمیر و ترقی اور آئندہ کی حکمت عملی سے بھی آگاہ کیا۔انہوں نے کہا کہ ریسرچ کلچر خصوصاً اے آئی کا فروغ جامعہ کی اولین ترجیحات میں سے ہے، نئے ریسرچ سنٹر کا قیام عمل میں لایا جائے گا، یونیورسٹی کو اے آئی کا حب بنائیں گے، اور اس مقصد کیلئے تمام سائنسی اور تکنیکی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا تاکہ یو ای ٹی ریسرچ کے میدان میں خاطر خواہ ترقی کر سکے۔ اجلاس میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد منیر کی جانب سے پیش کئے جانے والے نکات کو سراہا گیا۔ شرکاء نے تجاویز پیش کیں اور امید ظاہر کی کہ وائس چانسلر کی سربراہی میں جامعہ ترقی کی نئی راہوں پر گامزن ہوگی۔ یاد رہے یہ ڈاکٹر شاہد منیر سے یو ای ٹی کے تعلیمی و انتظامی سربراہان کے ساتھ تعارفی سیشن تھا۔

بقیہ جات 15

آئینی کہے گی، جو سوٹ نہیں کرے گا تو اسے نہیں مے گی کہ یہ غیر آئینی ہے۔ پاکستان بار کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کے سابق چیئرمین حسن رضا پاشا نے کہا کہ 8 ججز کا اکثریتی فیصلہ ہی لاگو ہوگا لیکن یہ وقت ہے کہ سپریم کورٹ اس حوالے سے نظر ثانی کی درخواستیں سن لے۔اس سے قبل وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے واضح کہہ دیا تھا کہ اسی فیصلے پر عمل ہوگا جو آئین کے مطابق ہوگا۔اس سے پہلے رانا ثنا اللہ نے یہ بھی کہا تھا کہ مخصوص نشستوں کے فیصلے پر عمل نہ کرنے پر وزیراعظم کے خلاف توہین عدالت کی کارروائی نہیں ہو سکتی، یوسف رضا گیلانی والی تاریخ اب نہیں دہرائی جا سکتی۔

بقیہ جات 16

موثر پالیسیاں بنا رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے بدھ کو فارماسٹ میں بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت اور نجی شعبے کا باہمی تعاون فارما انڈسٹری کو عالمی سطح پر مسابقتی بنانے کے لیے ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی فارماسیوٹیکل برآمدات میں گزشتہ سال کے مقابلے میں 13 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ جام کمال نے کہا کہ پاکستان کی فارما انڈسٹری عالمی سطح پر اہم کردار ادا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے، ڈجیٹل فارما تبدیلی وقت کی اہم ضرورت ہے، جس سے صنعت کو جدید بنانے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت فارماسیوٹیکل انڈسٹری کی ترقی کے لیے عالمی سطح پر پروموشن اور بہترین تعاون فراہم کرے گی، موجودہ حکومت مکمل طور پر مسائل کے حل کے لیے پرعزم ہے، حکومت کے پاس بحالی کے لیے جامع منصوبے موجود ہیں، طویل المدتی پالیسیاں تشکیل دی جا رہی ہیں جو پائیدار ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ اعتماد ایک بڑا چیلنج ہے اور حکومت اسے بحال کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کر رہی ہے، وزارت تجارت بالخصوص سیکٹورل کونسلز کے ذریعے اپنا کردار ادا کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ 16 کونسلز کو دوبارہ فعال کر کے ٹھوس تجاویز اور منصوبے لانے کا منصوبہ ہے، یہ تجاویز نیشنل ایکسپورٹ ڈویلپمنٹ بورڈ کو پیش کی جائیں گی، جو وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں کام کرے گا، ان کونسلز کے اپنے سیکرٹریٹ ہوں گے اور اہم اقدامات اور رہنما اصولوں کا تعین کیا جائے گا۔

بقیہ جات 17

گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ درخواست گزار دبئی سے پشاور آ رہے ہیں لیگین گرفتاری کا خدشہ ہے، نیب نے پشاور، کراچی، کوئٹہ اور لاہور سے نوٹسز جاری کیے ہوئے ہیں۔ ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل عظیم داد نے عدالت کو بتایا کہ خیبر پختونخوا میں ہم درخواست گزار کو گرفتار نہیں کریں گے۔ عدالت نے 30 دن کی حفاظتی ضمانت منظور کرتے ہوئے درخواست گزار کو تھیکیدار سید مسعود شاہ کی گرفتاری سے روک دیا۔ عدالت نے درخواست گزار کو 30 دن کے اندر متعلقہ عدالتوں میں پیش ہونے کی ہدایت بھی دی ہے۔

بقیہ جات 18

کے ساتھ حل کرکام کرے گا جس سے امن اور خوشحالی کے دور کا آغاز ہوگا۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے بدھ کو جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے ان خیالات کا اظہار بیجنگ میں ہونے والے عالمی پائیدار ٹرانسپورٹ فورم 2024 سے ویڈیو خطاب میں کیا۔ صدر مملکت نے اپنے خطاب میں اقوام متحدہ کے پائیدار ترقی کے اہداف کے فروغ میں چین کے قائدانہ کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان پائیدار ترقی کو فروغ دینے اور علاقائی اور عالمی اقتصادی خوشحالی میں چین کے کردار کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔انہوں نے چین کے صدر شی چن پھنگ کی قیادت میں چین کے قومی ترقی کے منصوبوں کو بھی سراہا۔ صدر مملکت نے حکومت کی جانب سے کئے گئے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے فورم کو آگاہ کیا کہ پاکستان نے خواتین کے لیے خصوصی پنک بسیں متعارف کرائی ہیں تاکہ پبلک ٹرانسپورٹ کا تحفظ، آرام دہ اور قابل رسائی طریقہ فراہم کیا جا سکے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ عوام کی ضروریات پورا کرنے کے لیے موثر، ماحول دوست ٹرانسپورٹ کیلئے پائیدار انفراسٹرکچر کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں دیہی علاقوں کی سڑکوں تک رسائی 92 فیصد تک ہوگئی ہے جو نمایاں بہتری ہے، دیہی علاقوں کی رسائی میں اضافہ پائیدار ترقی کے فروغ اور دیہی آبادی کو بنیادی خدمات کی فراہمی بہتر بنانے میں مددگار ہوگا۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان کو بنیادی ڈھانچے کی پائیدار دیکھ بھال اور موسمیاتی تبدیلی جیسے چیلنجز کا سامنا ہے، گزشتہ 5 سال میں تباہ کن سیلابوں، شدید بارشوں سمیت موسمی حالات نے پاکستان کے ٹرانسپورٹ انفراسٹرکچر کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ پاکستان رکن ممالک کی ٹرانسپورٹ انتظامیہ کے درمیان پائیدار ٹرانسپورٹ تعاون کا حمایتی ہے۔

بقیہ جات 19

روزگار کی فراہمی اور قومی ترقی کے ایجنڈے کا محرک ہے۔وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے چین میں گلوبل ٹرانسپورٹ فورم 2024 سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو شہری آبادی میں اضافہ اور ماحولیاتی تنزلی کے بڑے چیلنجز درپیش ہیں، ذرائع آمدورفت میں بہتری کیلئے شہریوں کے تحفظ کو بھی مدنظر رکھنا ہوگا، سی پیک اور چائنہ بیلٹ روڈ منصوبوں سے پاکستان اور چین دونوں مستفید ہوں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاک چائنہ اکنامک کوریڈور (سی پیک) کے تحت انفراسٹرکچر اور ٹرانسپورٹ کے شعبوں کی بہتری کی جا رہی ہے۔عبدالعلیم خان نے مزید کہا کہ سی پیک کی تجارتی راہداریاں گرین انرجی اور کلین ٹیکنالوجی پر مستقل ہیں۔ وفاقی وزیر مواصلات نے کہا کہ پاکستان کے دیہی علاقوں میں غیر مناسب ٹرانسپورٹ سسٹم معاشی دباؤ کا باعث ہے، ہمیں ہائی ویز اور بندرگاہوں کو مستقبل کی ضروریات کے مطابق مربوط بنانا ہے، ٹرانسپورٹ کے شعبہ کی ترقی کی ترجیح کے تحت معاشی بہتری، روزگار کی فراہمی اور قومی ترقی کے ایجنڈے کا محرک ہے، مواصلاتی نظام میں بہتری سے معیشت ہی نہیں ثقافت اور معاشرت کو بھی فروغ ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کورونا کی وبا کے بعد دیگر تبدیلیوں کے علاوہ گلوبل لاجسٹکس نے بھی نئی جہت اختیار کر لی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ای کامرس اور ڈجیٹل طریقوں سے ٹرانسپورٹ کے شعبوں میں مربوط بہتری ہوئی ہے، گلوبل ٹرانسپورٹ فورم سیٹر انسپورٹ کے شعبہ کو درپیش مسائل کے نئے حل تلاش کرنے میں مدد ملے گی۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا کہ پاکستان مواصلات کے شعبے میں پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ اور گرین ٹیکنالوجی کا حامی ہے۔ انہوں نے چین کے وزیر ٹرانسپورٹ لی ژیانگ پینگ سے خصوصی اظہار تشکر بھی کیا۔ بیجنگ میں ہونے والے گلوبل ٹرانسپورٹ فورم سے نیمپال اور تھائی لینڈ کے نائب وزرا اعظم نے بھی خطاب کیا۔ چین کے وزیر ٹرانسپورٹ لی ژیانگ پینگ نے گلوبل ٹرانسپورٹ فورم سے اپنے خطاب میں پاکستان سے اظہار تشکر کیا۔فورم میں آذربائیجان، کمبوڈیا، یونان، کینیا، کویت، قطر، سنگاپور، تاجکستان اور تنزانیہ کے وزرا نے بھی شرکت کی ہے۔ مزید برآں چین اور پاکستان کے علاوہ ازبکستان، ویت نام اور دیگر ممالک کے حکام بھی کانفرنس میں شریک ہوئے۔

بقیہ جات 20

جائے، ہم جسٹس منصور علی شاہ کی مکمل حمایت کرتے ہیں حکومت ساری عدلیہ کو تباہ کرنے پر لگی ہوئی ہے۔اڈیالہ جیل میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ میں کل سے جو ہو رہا ہے سب کو پتا چل گیا کہ یہ کیا کر رہے ہیں، یہ سب گینگ آف تھری کو توسیع دینے کے لیے کیا جا رہا ہے، ملک کا بیڑا غرق تو انہوں نے کر لیا، اب سپریم کورٹ کو بھی تباہ کر رہے ہیں۔انہوں نے الزام لگایا کہ گینگ آف تھری کی توسیع کی وجہ سے سارا ملک داؤ پر لگا ہوا ہے، یہاں سارے فیصلے لکھے ہوئے آتے ہیں اور ججز آ کر سنا دیتے ہیں، یہ چاہتے ہیں کہ سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ کے ججز بھی تابع ہو جائیں، ہائی کورٹ کے ججز پر دباؤ ڈالا جا رہا ہے۔عمران خان نے موقف اپنایا کہ حکومت ساری عدلیہ کو تباہ کرنے پر لگی ہوئی ہے، الیکشن فراڈ کو کور کرنے کے لیے ان کو اپنے ججز چاہئیں، 8 فروری کے انتخابات کو پوری دنیا نے فراڈ الیکشن کہا۔سابق وزیراعظم کے مطابق 9 مئی واقعات میں انہوں نے آگ لگائی، جواب دیں کہ سی سی ٹی وی فوٹیجز کہاں گئیں؟ یہ چاہتے ہیں کہ پی ٹی آئی کسی بھی طرح سے اوپر نہ آئے، ہمیں کوئی بھی جلسہ نہیں کرنے دیا جا رہا، گرمیوں کا جلسہ بھی کیا بھی 6 بجے ختم ہوتا ہے؟ ساری قوم کو پتا ہے کیا ہو رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ اور معیشت سمیت پورا نظام ڈول رہا ہے، چیف الیکشن کمشنر کو پتا ہے کہ اس پر آرٹیکل 6 لگے گا اسی لیے الیکشن فراڈ کو دبایا جا رہا ہے۔عمران خان نے کہا کہ تھرڈ امپائر سب کنٹرول کر رہا ہے، وہ ان کی ٹیم کا کپتان ہے ان کا مقصد یہ ہے کہ فراڈ سامنے نہ آ جائے اور پی ٹی آئی اوپر نہ آ جائے، پی ٹی آئی کے ڈر سے سپریم کورٹ اور جمہوریت کو تباہ کیا جا رہا ہے۔سابق وزیراعظم نے تنبیہ کی کہ اگر راولپنڈی میں جلسے کی اجازت نہ دی گئی تو احتجاج کریں گے، مطالبہ کیا کہ اگلے چیف جسٹس کی تقرری کا اعلان کیا جائے، ہم جسٹس منصور علی شاہ کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اس وقت یحییٰ خان پارٹ ٹو حکومت ہے، مشرقی پاکستان کے لوگ پاکستان کو چھوڑنا نہیں چاہتے تھے، وہ لوگ حقوق چاہتے تھے، طاقت کا استعمال کر کے انہیں علیحدگی کی جانب دھکیل دیا گیا، یحییٰ خان نے اپنی طاقت کے لیے جیتی ہوئی جماعت کو اقتدار نہیں دیا۔عمران خان نے کہا کہ آئینی عدالت کا مقصد سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کی طاقت کو ختم کرنا ہے۔

بقیہ جات 21

افسوسناک واقعہ ناپرکوٹ کچے میں پیش آیا جہاں مغوی افراد رشتہ دیکھنے سکھر سے کچے کے علاقے میں گئے تھے۔ پولیس کا بتانا ہے کہ اغوا کاروں نے رشتہ دیکھنے کیلئے آئی 4 خواتین سمیت 8 افراد کو اغوا کرلیا، 2 افراد کو حراست میں لے کر تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے اور مغویوں کی رہائی کے لیے کوششیں کی جا رہی ہیں۔

بقیہ جات 22

ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق واقعہ بیر بر نمبر 2 واہ کینٹ میں پیش آیا جہاں فوری طور پر ریسکیو ٹیموں جائے وقوعہ پر پہنچیں اور گاڑی میں پھنسے افراد کو باہر نکال کر اسپتال منتقل کیا گیا۔ترجمان ریسکیو نے بتایا کہ حادثے میں دو شدید زخمی افراد کو اسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ جاں بحق ہونے والوں میں تین مرد اور ایک خاتون شامل ہے۔متاثرہ مسافروں میں کل 6 افراد سوار تھے جن میں سے چار افراد جان کی بازی ہار گئے۔ ٹیکسلا پولیس نے واقع کا مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے جبکہ ڈمپر کا ڈرائیور موقع سے فرار ہو گیا۔

بقیہ جات 23

ہیں۔ پشاور میں قبائلی امن جرگہ سے خطاب کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان کا کہنا تھا امریکا نے قبائلی علاقوں میں دہشت گردی کو پروموٹ کیا۔انہوں نے کہا کہ افغان سرزمین کو پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونا چاہیے، ہر ادارہ اپنی آئینی حدود میں چلا جائے تو مسائل ہو جائیں گے، قبائل کے مسائل حل کیے جائیں، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان حکومتی سطح پر جرگے قائم ہونے چاہئیں۔حافظ نعیم الرحمان بندوقوں سے پوری قوم کو ہینڈل نہیں کیا جا سکتا، کرپشن صرف سویلین نہیں بلکہ سب کرتے ہیں، قبائل علاقوں کو تعلیم، صحت اور روزگار فراہم کرنا چاہیے۔انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ فوجی آپریشنز مسئلے کا حل نہیں، پاکستانی حکومت افغانستان کیساتھ بیٹھ کر مذاکرات کرے اور مسائل کو بات چیت سے حل کیا جائے، افغان طالبان اور حکومت پاکستان کے پاس بات چیت کے سوا کوئی حل نہیں۔ امیر جماعت اسلامی کا مزید کہنا تھا کہ اگر حکومت راضی نہیں تو ہم مذاکرات کے لئے اپنی خدمات سرانجام دینے کو تیار ہیں۔

بقیہ جات 24

نے بینٹ لے کار کی غیر قانونی رجسٹریشن کے مقدمے کا فیصلہ سنا دیا۔عدالت نے ڈی ایس پی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن اسماعیل چانڈیو اور نوید بلوانی کو بری کر دیا۔دونوں ملزمان نے بریت کی درخواست دائر کر رکھی تھی۔ملزمان پر بینٹ لے کار 2022 میں برطانیہ سے چوری کر کے غیر قانونی طور پر پاکستان منتقل کرنے کا الزام تھا۔اگست 2022 میں ایکسائز پارٹمنٹ نے اس کی رجسٹریشن کی تھی۔وکیل صفائی نے موقف دیا تھا کہ یہ بینٹ لے کار بلغاریہ کے سفارتکار الیگزینڈر بوبرنزو کیلئے ایکسپورٹ ہوئی تھی۔ الیگزینڈر بوبرنزو بلغاریہ کے سفارتکار اپنی مدت ختم ہونے کے بعد بلغاریہ واپس چلے گئے۔ وفاقی حکومت کی اجازت سے اس کار کی رجسٹریشن کی گئی۔ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نے کوئی غیر قانونی کام نہیں کیا۔

بقیہ جات 25

شروع کرے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق میرواعظ عمر فاروق نے سرینگر میں ایک میڈیا انٹرویو میں کہا کہ پاک بھارت کشیدگی ختم کرنے کے لیے جنگ نہیں بلکہ بات چیت اور باہمی افہام و تفہیم کی ضرورت ہے۔انہوں نے بھارت کی طرف سے کل جماعتی حریت کانفرنس کو ایک علیحدگی پسند تنظیم کا نام دیئے جانے کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ حریت مسئلے کو حل کرنا چاہتی ہے اور اس کی تمام تر توجہ تنازعہ کشمیر کو اس کے تاریخی تناظر میں حل کرنے پر مرکوز ہے۔انہوں نے کہا کہ دفعہ 370 کی منسوخی سے کشمیری عوام ڈیموگرافک انجینئرنگ، شناخت کھو جانے اور بے اختیار ہونے کے خطرات سے دوچار ہے۔انہوں نے کہا کہ 2019 کے ری آرگنائزیشن ایکٹ سے باہر کے لوگوں کو ڈومیسائل کے حقوق دے کر یہ خطرات مزید بڑھ گئے ہیں۔ میرواعظ نے کہا کہ دفعہ 370 ایک آئینی عہدنامہ ہے جو بھارتی ریاست نے متبوضہ جموں و کشمیر کے لوگوں سے ان کی زمینوں، وسائل اور ملازمتوں کے تحفظ کیلئے کر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی حکومت کے امن کے دعوؤں کے باوجود لوگ خوف کی وجہ سے خاموش ہیں۔انہوں نے کہا کہ ظلم و جبر، گرفتاریوں اور میڈیا پر پابندیوں کے ظالمانہ اقدامات نے لوگوں کو محتاط رہنے پر مجبور کر دیا ہے جس سے خوف و دہشت کا ماحول پیدا ہو گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ حریت اور مقامی سیاسی جماعتوں کا اپنا اپنا حلقہ اثر اور نقطہ نظر ہے اور وہ مل کر کام کر کے علاقے کو درپیش اہم مسائل کو حل کر سکتے ہیں۔ تاہم میرواعظ نے کہا کہ ذاتی مفادات پر عوامی کاز اور مفادات کو ترجیح دینی ہوگی ۔ میرواعظ نے کہا کہ امن کے حصول کے لیے زمینوں، وسائل اور ملازمتوں کے تحفظ کو یقینی بنانا، نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقع پیدا کرنا، خود اختیاری کی بحالی اور تنازعہ کشمیر کے حل کے لیے مذاکرات ناگزیر ہیں۔ حریت رہنما نے کہا کہ انہیں اگست 2019 سے گھر میں نظر بند رکھا گیا اور مرکزی جامع مسجد سرینگر میں جمعہ کا خطبہ دینے سے بھی روکا گیا۔ ان پابندیوں سے اس کی زندگی، کام اور

معاشی بدحالی کے شکار غریب لوگوں پر بجلی بم بن کر برس رہے ہیں: ضیاالدین انصاری

عوام کے حقیقی مسائل کے حل کیلئے آئینی اور جمہوری طریقے سے احتجاج کا راستہ اپنایا ہے عوام کا حق لیکر دم لیں گے

آئی پی پیز کی مراعات، جاگیر داروں کی ٹیکس چھوٹ اور دی گئی چور گیٹ سے ہمارے عوام کا خون نچوڑا جا رہا ہے، ضیاالدین انصاری

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ معاشی بدحالی کے شکار غریب عوام بجلی کے بل بم بن کر برس رہے ہیں۔ حکمران طبقہ ترقی، خوشحالی اور معاشی استحکام کے نام پر عوام کو بیوقوف بنا رہا ہے۔ آئی پی پیز کی مراعات، جاگیرداروں کی ٹیکس چھوٹ اور دی گئی غیر قانونی سہولیات اور بھرپور کرپشن کی وجہ سے۔ ملک کا ہر شعبہ کرپشن کی وجہ سے تباہ ہو چکا ہے۔ ملک کا تاجر، کسان، مزدور، صنعتکار بجلی بلوں، گیس، پیٹرول اور بھرپور مہنگائی کی وجہ سے۔ ملک کا ہر شعبہ کرپشن کی وجہ سے تباہ ہو چکا ہے۔ ملک کو معاشی بدحالی کی اصل وجہ ہے۔ ملک کے معاشی استحکام کے لئے ہم کو سیاسی عدم استحکام کو ختم کرنا ہوگا۔ ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا ہوگا۔ ہم کو ایک ایسا نظام لانا ہوگا جس میں ہر شہری کو برابر کے حقوق حاصل ہوں۔ ہم کو ایک ایسا نظام لانا ہوگا جس میں ہر شہری کو برابر کے مواقع حاصل ہوں۔ ہم کو ایک ایسا نظام لانا ہوگا جس میں ہر شہری کو برابر کے انصاف حاصل ہو۔ ہم کو ایک ایسا نظام لانا ہوگا جس میں ہر شہری کو برابر کے تحفظ حاصل ہو۔ ہم کو ایک ایسا نظام لانا ہوگا جس میں ہر شہری کو برابر کے وسائل